بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# لجنہ میٹرز

لجنہ USA اور ناصرات الاحمدیہ USA کے لیے کی گئی اشاعت

جولائی 2024 تا دسمبر 2024

LAJNA IMA'ILLAH USA

# فہرست مضامین


- قرآن
- حدیث نبوی ﷺ
- اقتباس از ملفوظات
- اقتباس خطاب حضرت خلیفۃ المسیح الخامس
- پیغام صدر لجنہ USA، محترمہ دیا بکر صاحبہ
- خدیجہ علی صاحبہ کو خراج تحسین
- تربیت میٹرز
- تعلیم میٹرز
- خدمت خلق میٹرز
- ناصرات میٹرز
- صنعت و حرفت میٹرز
- تبلیغ میٹرز
- اشاعت میڈرز
- وقف جدید میڈرز
- صحت جسمانی میٹرز
- امور طالبات میڈرز
- میڈیا واچ میٹرز
- وقف نو میڈرز
- میڈیا اور سائنس کانفرنس

# قرآن کریم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّ الۡمُسۡلِمِیۡنَ وَ الۡمُسۡلِمٰتِ وَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَ الۡمُؤۡمِنٰتِ وَ الۡقٰنِتِیۡنَ وَ الۡقٰنِتٰتِ

وَ الصّٰدِقِیۡنَ وَ الصّٰدِقٰتِ وَ الصّٰبِرِیۡنَ وَ الصّٰبِرٰتِ وَ الۡخٰشِعِیۡنَ وَ الۡخٰشِعٰتِ

وَ الۡمُتَصَدِّقِیۡنَ وَ الۡمُتَصَدِّقٰتِ وَ الصَّآئِمِیۡنَ وَ الصّٰٓئِمٰتِ وَ الۡحٰفِظِیۡنَ فُرُوۡجَہُمۡ

وَ الۡحٰفِظٰتِ وَ الذّٰکِرِیۡنَ اللّٰہَ کَثِیۡرًا وَّ الذّٰکِرٰتِ ۙ اَعَدَّ اللّٰہُ لَہُمۡ مَّغۡفِرَۃً

وَّ اَجۡرًا عَظِیۡمًا۔

## ترجمہ

یقیناً مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں اور مومن مرد اور مومن عورتیں اور فرمانبردار مرد اور فرمانبردار عورتیں اور سچے مرد اور سچی عورتیں اور صبر کرنے والے مرد اور صبر کرنے والی عورتیں اور عاجزی کرنے والے مرد اور عاجزی کرنے والی عورتیں اور صدقہ کرنے والے مرد اور صدقہ کرنے والی عورتیں اور روزہ رکھنے والے مرد اور روزہ رکھنے والی عورتیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے مرد اور حفاظت کرنے والی عورتیں اور اللہ کو کثرت سے یاد کرنے والے مرد اور کثرت سے یاد کرنے والی عورتیں، اللہ نے ان سب کے لئے مغفرت اور اجر عظیم تیار کئے ہوئے ہیں۔(36:33)

# حدیث النبوی ﷺ

وعن أبی الدرداء، قال رسول اللہ ﷺ قال

کان من دعاء داود علیہ السلام اللھم إنی أسألك حبك، وحب من یحبك، والعمل الذی یبلغنی حبك، اللھم اجعل حبك أحب إلی من نفسی، وأھلی، ومن الماء البارد ۔(رواہ الترمذی وقال حدیث حسن)

**ترجمہ:**

حضرت ابو درداء بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا حضرت داودؑ یوں دعا مانگا کرتے تھے "اے اللہ! میں تجھ سے تیری محبت مانگتا ہوں۔ اور ان لوگوں کی محبت جو تجھ سے پیار کرتے ہیں۔ اور اس کام کی محبت جو مجھے تیری محبت تک پہنچا دے۔ اے میرے خدا! ایسا کر کہ تیری محبت مجھے اپنی جان، اپنے اہل و عیال اور ٹھنڈے شیریں پانی سے بھی زیادہ پیاری اور اچھی لگے۔ (ترمذی)

LAJNA IMA'ILLAH USA

# اقطباس از ملفوظات

## (حضرت مسیح موعود علیہ السلام)

### خدا کے ساتھ ذاتی تجربہ:

وہ خدا جو تمام نبیوں پر ظاہر ہوتا رہا اور حضرت موسیٰؑ کلیم اللہ پر بمقام طور ظاہر ہوا اور حضرت مسیحؑ پر شعیر کے پہاڑ پر طلوع فرمایا اور حضرت محمد مصطفٰے ﷺ پر فاران کے پہاڑ پر چمکا وہی قادر قدوس خدا میرے پر تجلی فرما ہوا ہے اس نے مجھ سے باتیں کیں اور مجھے فرمایا کہ وہ اعلیٰ وجود جس کی پرستش کے لئے تمام نبی بھیجے گئے میں ہوں۔

(گورنمنٹ انگریزی اور جہاد، روحانی خزائن، جلد 17، صفحہ 29)

غرض اس قسم کی ناپاک زندگی جو حقیقت میں گناہ کی لعنت ہے وہ عام ہو رہی ہے اور وہ پاک زندگی جو گناہ سے بچ کر ملتی ہے۔ وہ ایک لعل تاباں ہے جو کسی کے پاس نہیں ہاں۔ خدا تعالیٰ نے وہ لعل تاباں مجھے دیا ہے اور مجھے اس نے مامور کیا ہے۔ کہ میں دنیا کو اس لعل تاباں کے حصول کی راہ بتا دوں۔ اس راہ پر چل کر میں دعوے سے کہتا ہوں کہ ہر ایک شخص یقیناً اس کو حاصل کر لیگا۔ اور وہ راہ جس سے یہ ملتا ہے ایک ہی ہے۔ جس کو خدا کی سچی معرفت کہتے ہیں۔ در حقیقت یہ مسئلہ بڑا مشکل اور نازک مسئلہ ہے کیونکہ ایک مشکل امر پر موقوف ہے۔ فلاسفر جیسا کہ میں نے پہلے کہا ہے آسمان اور زمین کو دیکھ کر اور دوسرے مصنوعات کی ترتیب ابلغ و محکم پر نظر کر کے صرف اتنا بتاتا ہے۔ کہ کوئی صانع ہونا چاہئے۔ مگر میں اس سے بلند تر مقام پر لے جاتا ہوں اور اپنے ذاتی تجربوں کی بنا پر کہتا ہوں کہ خدا ہے۔

(ملفوظات، ایڈیشن ۱۹۸۴ء، جلد 3، صفحات 16)

## ہمارا بہشت ہمارا خدا ہے:

ہمارا بہشت ہمارا خدا ہے ہماری اعلیٰ لذات ہمارے خدا میں ہیں کیونکہ ہم نے اس کو دیکھا اور ہر ایک خوبصورتی اس میں پائی۔ یہ دولت لینے کے لائق ہے اگرچہ جان دینے سے ملے اور یہ لعل خریدنے کے لائق ہے اگرچہ تمام وجود کھونے سے حاصل ہو۔ اے محرومو! اس چشمہ کی طرف دوڑو کہ وہ تمہیں سیراب کرے گا یہ زندگی کا چشمہ ہے جو تمہیں بچائے گا۔ میں کیا کروں اور کس طرح اس خوشخبری کو دلوں میں بٹھادوں۔ کس دف سے میں بازاروں میں منادی کروں کہ تمہارا یہ خدا ہے تا لوگ سن لیں اور کس دوا سے میں علاج کروں تا سننے والے لوگوں کے کان کھلیں۔

(کشتی نوح، روحانی خزائن، جلد 19، صفحات 21-22)

## خدا کا فضل ہر چیز پر محیط ہے:

خدا آسمان و زمین کا نور ہے۔ یعنی ہر ایک نور جو بلندی اور پستی میں نظر آتا ہے۔ خواہ وہ ارواح میں ہے۔ خواہ اجسام میں اور خواہ ذاتی ہے اور خواہ عارضی اور خواہ ظاہری ہے اور خواہ باطنی اور خواہ ذہنی ہے خواہ خارجی۔ اسی کے فیض کا عطیہ ہے۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ حضرت رب العالمین کا فیض عام ہر چیز پر محیط ہو رہا ہے اور کوئی اس کے فیض سے خالی نہیں۔ وہی تمام فیوض کا مبدا ہے اور تمام انوار کا علت العلل اور تمام رحمتوں کا سرچشمہ ہے۔ اسی کی ہستی حقیقی تمام عالم کی قیوم اور تمام زیروزبر کی پناہ ہے۔ وہی ہے جس نے ہر یک چیز کو ظلمت خانہ عدم سے باہر نکالا اور خلعت وجود بخشا۔ بجز اس کے کوئی ایسا وجود نہیں ہے کہ جو فی حد ذاتہٖ واجب اور قدیم ہو۔ یا اس سے مستفیض نہ ہو بلکہ خاک اور افلاک اور انسان اور حیوان اور حجر اور شجر اور روح اور جسم سب اسی کے فیضان سے وجود پذیر ہیں۔

(براہین احمدیہ، روحانی خزائن، جلد 1، صفحات 191-192)

LAJNA IMA'ILLAH USA

# حضرت خلیفۃ المسیح (ایدہ اللہ تعالیٰ) کے خطبہ سے اقتباس:

## اقتباس جلسہ سالانہ UK، 27 جولائی 2003

حضور انور نے، جلسہ برطانیہ 2003 کے اختتامی خطاب میں بیعت کی حقیقت کے اوپر روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا کہ:

پہلا سوال یہ ہے کہ بیعت کیا ہے؟ اس (فلسفہ) کو سمجھانے کے لیے، میں اپ کے سامنے آنحضرت ﷺ کی چند احادیث، اور حضرت مسیح موعودؑ کے کچھ اقتباسات پیش کروں گا۔

حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں کہ:

**"یہ بیعت جو ہے، اس کے معنی ہیں اپنے تئیں بیچ دینا۔ اس کی برکات اور تاثیرات اسی شرط سے وابستہ ہیں۔ جیسے ایک تخم زمین میں بویا جاتا ہے تو اس کی ابتدائی حالت یہی ہوتی ہے کہ گویا وہ کسان کے ہاتھ سے بویا گیا اور اس کا کچھ پتا نہیں کہ اب وہ کیا ہوگا۔ لیکن، اگر وہ تخم عمدہ ہوتا ہے، اور اس میں نشوونما کی قوت موجود ہوتی ہے، تو خدا کے فضل سے، اور اس کسان کی سعی سے وہ اوپر آتا ہے، اور ایک دانہ کا ہزار دانہ بنتا ہے۔ اسی طرح سے انسان بیعت کنندہ کو، اوّل انکساری اور عجز اختیار کرنی پڑتی ہے، اور اپنی خودی اور نفسانیت سے الگ ہونا پڑتا ہے۔ لیکن جو بیعت کے ساتھ نفسانیت بھی رکھتا ہے، اسے ہر فیض حاصل نہیں ہوتا"۔** (ملفوظات، جلد سوم، 1903 تا 1904، صفحہ: 455،454)

اسی زمن میں حضور نے آگے تفصیل کے بود حضرت مسیح موعودؑ کے ایک اور اقتباس کو بیان کرتے ہوئے فرمایا:

**"بیعت سے مراد خدا تعالیٰ کو جان سپرد کرنا ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ، ہم نے اپنی جان کو آج خدا تعالیٰ کے ہاتھ بیچ دیا۔ یہ بالکل غلط ہے کہ خدا تعالیٰ کی راہ میں چل کر انجام کار کوئی شخص نقصان اٹھاوے۔ صادق کبھی نقصان نہیں اٹھا سکتا۔ نقصان اسی کا ہے جو کاذب ہے۔ جو دنیا کے لیے بیعت کو اور عہد جو اللہ تعالیٰ سے اس نے کیا ہے توڑ رہا ہے۔ وہ شخص جو دنیا کے خوف سے ایسے امور کا مرتکب ہو رہا ہے، وہ یاد رکھے کہ بوقت موت، کوئی حاکم یا بادشاہ اسے نہ چھڑا سکے گا۔ اس نے احکم الحاکمین کے پاس جانا ہے جو اس سے دریافت کریگا کہ تو نے میرا پاس کیوں نہ کیا؟ اس لیے ہر مومن کے لیے ضروری ہے کہ خدا جو ملک السمٰوات والارض ہے اس پر ایمان لاوے اور سچی توبہ کرے۔"** (ملفوظات جلد چہارم، 1904 تا 1905، صفحہ 23)

حضرت مسیح موعودؑ کے ان اقتباسات سے یہ بات بہت واضح ہو جاتی ہے کہ بیعت کی اصل حقیقت کیا ہے۔ اگر ہم میں سے ہر ایک اس کو سمجھ لے کی، میرا وجود اب میرا نہیں؛ اب مجھے ہر حال میں اپنے رب کے ہر امر پورے ایمان کے ساتھ اپنی رضامندی اور اطاعت دکھانی ہے۔ تو یہی بیعت کی دس شرائط کا جزو ہو گا۔

LAJNA IMA'ILLAH USA

# صدر لجنہ اماءاللہ امریکہ، دیا بکر صاحبہ کا پیغام

In the Name of Allah, The Gracious, The Merciful

Dhiya Tahira Bakr-Sadr, Lajna Ima'Illah-USA

## جلسہ سالانہ USA

**جولائی:** جلسہ سالانہ USA،Great Richmond Conference Center میں منعقد ہوا جو کہ ریچمنڈ ،ورجنیا میں ہے۔ جلسہ کی اس نئی جگہ کی وجہ سے کئی انتظامی مشکلات بھی پیش آئیں، مگر ہم نے حضرت مرزا غلام احمدؑ کے جھنڈے تلے جمع ہو کر روحانیت، علم و اخوت، اور اجتماعی دعاؤں کو حاصل کرتے ہو اپنا مقصد حاصل کر لیا۔ الحمدللہ۔ مہمانوں کو ملا کر 9،000 لوگوں نے اس بابرکت جلسہ میں شمولیت کی۔ تقریروں میں موجودہ حالات اور دینی مسائل پر روشنی ڈالی گئی، جو کہ لجنہ اماءاللہ USA کی website پر شائع ہوں گی۔ بڑی تعداد میں حاضری اور جگہ کی تنگی کے باوجود، خدمت خلق کرنے والوں نے نمایاں کردار ادا کیا۔ انہوں نے بہت محنت سے تیاریاں کیں اور صبر اور مسکراہٹ کے ساتھ مستقل کام کیا۔ اللہ ان کو جزا خیر دے، آمین۔

(د دوران سال کی اہم خبریں کچھ یوں ہیں):

- ہوائی میں جماعت کا آغاز ہوا۔ الحمدللہ۔ ابھی ان میں 6 لجنہ ممبرات ہیں۔ ان کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔
- مندرجہ ذیل ممالک کی لجنہ اماءاللہ USA بچوں کے عید فنڈ سے امداد کی گئی:
- گنی بساؤ، چاڈ، نائجر، ساؤ ٹومے، زیمبیا، ٹوگو، زمبابوے، یوگنڈا، گیبون، سیرالیون، گنی کوناکری. اللہ تعالی ہمارے بچوں اور انکے والدین کو اس نیک جذبے کا انیک اجر عطا فرمائے۔ آمین

**لجنہ اماءاللہ امریکہ کو یہ سعادت حاصل ہے کہ وہ درج ذیل منصوبوں کے لیے مالی معاونت فراہم کر رہی ہے۔**

نیا منصوبہ !غانہ میں زچگی وارڈ کی تعمیر کے لیئے ابھی عطیات جمع کیے جا رہے ہیں۔ احمدیہ مسلم ہسپتال ڈابو سے، مشرقی واسہ کے 16 ضلعوں کے ضلعی ہسپتال کے طور پر خدمات انجام دیتا اور مریضوں کو بنیادی طبی امداد کے ساتھ ساتھ خاص طبی ضروریات بھی مہیا کرتا ہے۔ یہاں تک کہ آس پاس کے ہمسایہ مملک، جیسے کوٹے ڈائیوبر، برکینہ داسو، مالی، نائیجیریا، نائیجر، اور، ٹوگو بھی اپنی اہم طبی ضروریات کے لیئے اسی

احمدیہ ہسپتال کی جانب رجوع کرتے ہیں۔

**(وہ ممبران جو اس تحریک میں حصہ ڈال کر شمولیت کرنا چاہتی ہیں) اپنے عطیات افریقن ماڈل ویلیج کے تحت مقامی سیکرٹیری مال کو جمع کروا سکتی ہیں۔**

لجنہ اماءاللہ USA نے گوئٹامالہ میں ناصر ہسپتال کے نئی وارڈ کے لئے تمام تر Funding کی۔

غانہ میں سمانیٹینگاہ کے علاقہ میں لجنہ اماءاللہ کا عطیہ کیا گیا، افریقی مثالی گاؤں African Model Village تقریباً اپنی تکمیل کو پہنچ چکا ہے۔ پانی کے لیے کھدائی کامیابی سے ہو گئی ہے۔ ایک چھوٹے پیمانے کا شمسی توانائی سے کام کرنے والا کنواں اور اسی توانائی سے کام کرنے والی گلیوں میں روشنی کا انتظام بھی مکمل ہو گیا ہے۔ غسل خانوں کی سہولیات بھی اپنی تکمیل کو پہنچ چکی ہیں۔ ابھی بھی ممبران اس تحریک میں اپنی مقامی مالی سیکٹریان کے ذریعہ چنداجات کی ادائیگی کر سکتی ہیں۔

بیعت الرحمٰن میں تعمیر کیے جانے والے لجنہ کانفرنس سینٹر کے لیے لجنہ ممبران ماہانہ یا سالانہ 10$ سے 1000$ تک کے چندہ جات کے ساتھ اپنی حصہ ڈال سکتی ہیں۔ یہ چھ سال پر محیت تحریک ہے اور اس کے لیے بھی اپنی مقامی مالی سیکٹریان سے رجوع کیا جا سکتا ہے۔

## اگست:

ہم بہت خوش نصیب ہیں کہ ہمارے پاس خلیفہ وقت جیسی نعمت ہے جو کہ ہماری رہنمائی اور روحانی تربیت کرنے کے لیے (مستقل) موجود ہیں۔ حضور ایدہ اللہ تعالی نے فرمایا کہ ہم ان اخلاقی اقدار پر توجہ دیں، (لحاظہ) ذیل امور پر عمل کرنے کی کوشش کریں:

**1. بات کرتے ہوئے اچھے الفاظ استعمال کریں**
**2. آرام سے بات کریں**
**3. عزت سے بات کریں**
**4. بڑوں اور چھوٹوں کو عزت دیں**
**5. ہر ازدواجی جھگڑے کا واحد حل طلاق نہیں ہونا چاہیے**

**ستمبر:** اس ماہ تمام جماعتوں میں، علاقائی اجتماعات منعقد ہوئے ہیں۔ ان پروگراموں میں بیشتر ممبرات نے شمولیت اختیار کی

اور استفادہ حاصل کیا۔ اہم یہ ہے کہ جو کچھ ہم سیکھیں، اس پر عمل بھی کریں۔ حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں کہ:

**"رحمان کے حقیقی کر پرستار وہ لوگ ہیں کہ جو زمین پر بردباری سے چلتے ہیں اور جب جاہل لوگ ان سے سخت کلامی سے پیش آئیں تو سلامتی اور رحمت کے لفظوں سے ان کا معاوضہ کرتے ہیں یعنی بجا سختی کے نرمی اور بجا گالی کے دعا دیتے ہیں۔**

(براہین احمدیہ، جلد ۴؛ روحانی خزائن جلد ۱، صفحہ ۴۴۹)

چاہیے کہ ہم آپس میں بہنوں کی دوستی کو فروغ دیں، باجماعت نماز کو قائم کریں اور خلافت کی اطاعت گزار بنیں۔

**اکتوبر:** دوران ماہ، لجنہ اماءاللہ USA، ملکی اجتماعات، مجلس شوریٰ، اور عورتوں کے West Coast جلسہ سالانہ کی تیاری میں مصروف رہی۔ یہ خبریں (website) ویب سائٹ پر شائع کی جاتی رہیں گی۔ ممبران کا صبر، ان کی معاونت اور دعائیں ہی ہیں جو اس کام کو بڑھانے کے لیے ضروری ہیں۔ اس مشکل زمانہ میں، ہمیں کوشش کرنی چاہیے کہ ہمارا شمار، ان میں ہو، جو مسجدوں کو آباد کرنے والے ہیں۔

1 تا 10 اکتوبر 2024 کے دوران صلوٰۃ عشرہ بھی منایا گیا۔

**نومبر:** اسلام وعلیکم پیاری بہنو! نومبر کا مہینہ Thanksgiving کے مہینے کے طور پر پہچانا جاتا ایک احمدی ہونے کے ناطے، ہم نماز اور دعا کے ذریعہ ہم روزانہ اپنے رب کا ان رحمتوں کے لیے شکر ادا کرتے ہیں جو اس نے ہمیں عطا کی ہیں۔ اسی شکر گزاری کو مد نظر رکھتے ہوئے، میں ان تمام کارکنان کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں جو لجنہ اماءاللہ USA کی تحریکات کے لیے سوچتی ہین، وہ جو ان کاموں کو سرانجام دیتی ہین، اور وہ تمام ممبران جو کسی بھی طور سے ان میں شمولیت اختیار کرتی ہیں۔ میں ان تمام ممبران کے لیے شکر گزار ہوں۔ جیسا کہ احمدیوں کو اللہ کا شکر ادا کرنا چاہیے اور ہر روز ان تمام نعمتوں کو یاد رکھنا چاہیے جو ہمیں دی گئی ہیں۔ یہ سوچ کے میں سب رضاکاروں کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں، اور ان کا بھی، جنھوں نے حصہ لیا۔ حضرت مسیح موعودؑ نے کہا:

**"پس مسلمانوں کو واجب ہے کہ وہ اپنے محسن حقیقی کا شکریہ ادا کریں۔ کیونکہ اللہ تعالی فرماتا ہے کہ،....اگر تم میرا شکر ادا کروگے تو میں اپنی دی ہوئی نعمت کو زیادہ کروں گا اور بصورت کفر عذاب میرا سخت ہے۔"۔۔۔۔ اھدنا الصراط المستقیم میں تمام مسلمانوں کو لازم ہے کہ ایاک نعبد کا لحاظ رکھیں کیونکہ ایاک نعبد کو ایاک نستعین پر مقدم رکھا ہے۔ پس پہلے عملی طار پر شکر ادا کرنا چاہیے اور یہی مطلب اھدنا الصاط المستقیم میں رکھا ہے۔"** (ملفوظات جلد 1، صفحہ 127)

**دسمبر:** محترم لجنہ اور ناصرات اسلام وعلیکم ورحمۃ اللہ وبرکتہ

اس مہینے کو دنیاوی کلینڈر میں Holiday Season کہتے ہیں, لیکن ہم اس کو Holy Season (برکتوں کا موسم) بھی کہہ سکتے ہیں کیوں کہ ہمیں اس ماہ میں تبلیغ کرنے، اور حضرت مسیح موعودؑ کی سچائی کو پھیلانے کا موقعہ مل رہا ہے۔

**"اے ہمارے رب! یقیناً ہم نے ایک منادی کرنے والے کو سُنا جو ایمان کی منادی کر رہا تھا کہ اپنے ربّ پر ایمان لے آؤ۔ پس ہم ایمان لے آئے۔ اے ہمارے ربّ! پس ہمارے گناہ بخش دے اور ہم سے ہماری برائیاں دور کر دے اور ہمیں نیکوں کے ساتھ موت دے۔" (3:194)**۔ آمین

حضرت محمد ﷺ نے فرمایا:

**"جو شخص مہمان نواز نہیں، اس شخص میں کوئی اچھائی (موجود) نہیں ہو سکتی۔"**

خدا کرے کہ ہم بھی اللہ کی طرف بلانے والوں میں شامل ہو سکیں۔ آمین

**دیا بکر**

**نیشنل صدر لجنہ**

**لجنہ اما اللہ USA**

# خدیجہ علی صاحبہ کی خدمت میں خراج تحسین

## (ڈیٹن)

تین دہائی قبل، محترمہ خدیجہ علی صاحبہ نے، ڈاکٹر روبن ، عرف "Doc Herman" کی رہنمائی میں وعدہ کیا کہ وہ، سابقہ مجرمین اور ان کے اہل خانہ کے لیے، معاونت کے اقدامات کریں گی۔ ان کا مقصد متاثر افراد، اور خاندانوں کو مضبوط بنانا، اور معاشرے کی بہتری کو فروغ دینا تھا۔ آج، خدیجہ علی صاحبہ .Circle of Vision keepers Inc کی پروگرام ڈائریکٹر کے طور پر سابق متاثرہ مجرمین کے لیے، خدمات سرانجام دے رہی ہیں۔ ہمارا مقصد، ڈیٹن میں، ڈاکٹر ہرمن کی تحریکات کو آگے بڑھانے میں معاون ثابت ہونا ہے۔ ان خدمات میں، معاونت کت ساتھ ساتھ بحالی اور معاشرے میں دوبارہ شمولیت کے سپورٹ گروپس بھی شامل ہیں جو کہ، ڈاکٹر ہرمن کے نصاب کے مطابق چلائے جاتے ہیں۔ ان میں قید کی نفسیات اور Hanbleycea کے نظریات کو مد نظر رکھا گیا ہے۔ اس تحریک کے تحت، ان افراد کی معاشی بحالی، جسمانی صحت یابی، اور معاشرے میں مثبت واپسی کے عمل پر متواتر کام کیا جاتا ہے۔ ریاست اور county سے منظور شدہ Work Site کے طور پر، یہاں شرکاء کو بااختیار بنانے کا عملی تجربہ فراہم کیا جاتا ہے۔

گزشتہ کئی برسوں میں، خدیجہ علی صاحبہ نے، Ohio Jail System اور معاشرے میں قبل از رہائی اور بعد از رہائی گروپس کی رہنمائی کی ہے، تاکہ لوگوں کی زندگیوں کو بااختیار بنا کر ان میں مثبت تبدیلی لائی جا سکے۔ گو کہ جیل کے نظام کو تبدیل نہیں کیا جا سکتا، مگر افراد کی اس طریق پر ضرور مدد کی جا سکتی ہے کہ وہ ایسے مثبت فیصلے لینے کے قابل بن سکیں کہ جو ان کو دوبارہ جرم کرنے سے بچائیں۔

خدیجہ علی صاحبہ کی معاشرے کی بھلائی کے لیے کی جانے والی خدمات کا احاطہ بہت وسیع ہے۔ وہ ABLE/LAW کے بورڈ آف ڈائریکٹر کی نائب صدر ہیں اور Lakota زبان کے لفظ **'Tiospaye'** کی فلسفے کو تسلیم کرتی ہیں، جس کا مطلب ہے 'وسیع خاندان'۔ اسی فلسفہ کے ماتحت انہوں نے Lakota Indian Reservation in Dakota کے بچوں کے لیے کپڑوں اور اسکول کے سامان کی تحریک میں جماعتی شرکاء کو بھی شامل کرتی رہی ہیں۔ بورڈ آف ڈائریکٹر کی نائب صدر کے طور پر وہ ایک سے کئی زائد اطوار میں خدمات

ہیں، چاہے وہ محروم طبقات کے لیے انصاف کی وکالت کرنا ہو یا جماعت احمدیہ مسلمہ میں سوشل سروسز سیکریٹری کے طور پر خدمات، سر انجام دیتی ہیں۔ ہر زمن میں وہ خدمت خلق کے کام م میں خلوص اور لگن کے ساتھ جتی رہتی ہیں۔ نہ صرف یہ کہ خدیجہ علی صاحبہ قریبی طور پر Montgomery Office of Re-Entry کے ساتھ کام کرتی ہیں، بلکہ Circle of Vision Keepers کے تحت مجرمین کی خدمت کے لیے منظور شدہ Certified re-entry program for Offender Services بھی چلاتی ہیں۔

یہ خدیجہ علی صاحبہ کا انسانی خدمت کا وسیع اور متنوع تجربہ ہے، کہ جس کی وجہ سے وہ Mahajan Therapeutic Sober Homes کے لیے پچھلے پانچ سال سے Residential Housing Supervisor کے طور پر خدمات انجام دے رہی ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ، خدیجہ علی صاحبہ کی اپنی مضبوط مذہبی اقدار اور روحانی بنیاد، اُن کی انسانی خدمات، دیانت دارانہ رویے اور دیگر افراد سے ان کے خوش خلق برتاؤ کی رہنمائی کرتی ہے۔ چونکہ وہ خود بحالی کے عمل کا ذاتی تجربہ رکھتی ہیں اور بیس سال سے زیادہ عرصے سے نشہ سے پاک زندگی گزار رہی ہیں، اس لیے وہ سمجھتی ہیں کہ اُن کا مقصد ایک مثال اور رہنما کے طور پر خدمت کرنا ہے۔

Circle of Vision Keepers Inc. کی پروگرام ڈائریکٹر کے طور پر، وہ یہ یقینی بناتی ہیں کہ تمام اقدامات اُن کے Mission Statement کے مطابق ہوں: "ہم فرد کو بااختیار بناتے ہیں، جو خاندان کو مضبوط کرتا ہے اور بالآخر معاشرے کی بھلائی کو فروغ دیتا ہے۔ خدمت کے لیے اُن کی غیر معمولی لگن کے اعتراف میں، محترمہ علی کو متعدد اعزازات ملے ہیں، جن میں:

Family First Brither Raymond Fitz award 2014

The Community Advocacy Award from Mercy Manor 2018

(Pat Rousseau) Community Impact (ABLE/LAWO) Access to Justice Award 2019

اس کے علاوہ، انہوں نے ان اداروں کی صدارت بھی کی ہے جن میں:

The Exchange Club of Dayton

The Presidents Club of Dayton

Director of Community Outreach for (DEFI) The Dayton Emerging Fashion Incubator

محترمہ علی کے کام کی بنیاد، اس یقین سے وابستہ ہے کہ بحالی ایک مسلسل سفر ہے۔ وہ اپنے شرکاء کو یقین دلاتی ہیں کہ وہ بھی وہی حاصل کر سکتے ہیں جو انہوں نے حاصل کیا، اور ممکن ہے اس سے بھی زیادہ، اُن کی مستقل مدد اور فلاح و بہبود کے لیے عزم کے ساتھ۔ انسانیت کے لیے اُن کا محبت بھرا جذبہ یقین دلاتا ہے کہ ہر کوئی اپنی مشکلات پر قابو پا سکتا ہے۔ جیسا کہ محترمہ علی بیان کرتی ہیں: "ہم سب کسی نہ کسی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، لیکن میری انسانیت کے لیے محبت کسی بھی مسئلے سے بڑی ہے۔"




LAJNA IMA'ILLAH USA

# تعلیم میٹرز

## لونگ آئلینڈ

ہماری لجنہ کی جنرل میٹنگ میں ہم نے ماہانہ نصاب جاری رکھا۔ ہم نے آیات، احادیث، اور ملفوظات کا مطالعہ کیا۔

ہم نے لجنہ کو تحریک کی کہ وہ قرآن کے ترجمہ کا ٹیسٹ دیں۔ اس وجہ سے 11 مزید لجنہ نے امتحان دیا۔

ہمارے حلقہ کی میٹنگ میں ایک نئی سرگرمی متعارف کروائی گئی جس میں اللہ کہ پہلے پانچ نام دہرائے گئے۔

تعلیم ڈپارٹمنٹ کے تحت ہر مہینے ہم دو کتابوں کا کلب منعقد کرتے ہیں۔ ایک منگل کو منعقد ہوتا ہے اور ہم اس میں ابھی "اسیر روحانی" پڑھ رہے ہیں۔ دوسرا حلقہ کی میٹنگ کے دوران ہوتا ہے جس میں رسالہ الوصیت پڑھ رہے ہیں۔ ہمارا مقصد تعلیمی سرگرمیوں میں شمولیت کو بڑھانا ہے۔

## منیسوٹا

**لجنہ کا سیرت النبی ﷺ:** اکتوبر 13، 2024 کو مسجد نصرت میں منیسوٹا کی لجنہ نے سیرت النبی ﷺ کا دن منایا۔ پروگرام کا آغاز قرآن کریم کی تلاوت سے ہوا، ملفوظات سے اقتباس پڑھا گیا اور حضرت ﷺ کے خلق کے بارے میں سیکھا گیا۔ چند لوگوں نے مل کر نعت پڑھی اور پھر حضرت محمد ﷺ کے خلق اعلیٰ، اور امن اور انصاف کی تعلیمات کے بارے میں تقاریر کی گئیں۔ اس کے بعد ناصرات نے قصیدہ پڑھا اور نماز اور دعا کی اہمیت پر ایک عدد presentation دی۔ 22 لجنہ اور 7 ناصرات نے شمولیت کی۔ آخر میں صدر صاحبہ نے دعا کروائی۔



**ڈاکٹر امتہ الرحمان احمد**
**سیکرٹیری تعلیم**
**لجنہ اماءاللہ USA**

# تربیت میٹرز

## لونگ آئلینڈ:

دسمبر 20 اور 21 کو ہم نے سالانہ Sleep-over کا انتظام کیا۔ ہم نے 20 لجنہ کے ساتھ تربیت کی ورک شاپ کی، جس کا عنوان انا اور ہمدردی تھا۔ پہلے ہم نے سمجھا کہ انا کیا ہے۔ انا کو پہچاننے اور اس کو چھوڑ کر ہمدردی کو اپنانے کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا نیز، اس پہلو پر بات چیت کی گئی کہ ہمدردی ہماری روزمرہ کی زندگی میں کیا تبدیلیاں اور فوائد پیدا کر سکتی ہے۔ انا کے بد اثرات اور خاندان کے اندر ہمدردی کے مثبت اثرات کے بارے میں بھی بات کی گئی۔ اس موضوع پر تمام حاضرین نے اپنی اپنی زندگی کے حالات اور واقعات کی روشنی میں گفتگو میں حصہ لیا۔ چاہیے کہ ایسے عنوانات پر مزید بات چیت کو فروغ دیا جائے اور مواقع فراہم کیے جائیں۔

## منیسوٹا:


### مقامی اجتماع

14 جولائی 2024 کو، منیسوٹا کی جماعت نے مسجد نصرت میں اپنے مقامی اجتماع کا انعقاد کیا۔ قرآن کریم کی تلاوت سے آغاز کے بعد، صدر صاحبہ نے افتتاحی کلمات کہے۔ صبح کے پروگرام میں تلاوت قرآن کے مقابلے، بچوں کی تربیتی ورکشاپ، اور نظم کے مقابلہ جات شامل تھے۔ کھانا اور نماز کے بعد تقریری مقابلہ جات، ایک ورک شاپ جس کا عنوان تھا، "مضبوط اقدار جو مادہ پرستی کو ختم کرتی ہیں"، اور musical chairs کی کھیل کھیلی گئی۔ اجتماع کے آخر میں تقسیم انعامات کے ساتھ اعلیٰ تعلیمی کارکردگی حاصل کرنے والی لجنہ کو متعارف کرایا گیا۔ صدر صاحبہ کے اختتامی کلمات اور دعا کے ساتھ پروگرام کا اختتام ہوا۔ پروگرام میں الحمدللہ، 19 لجنہ اور 2 مہمانوں کی شمولیت رہی۔



## ورجینیا ساؤتھ

دوران سال شعبہ تربیت کے زیر اہتمام، صلوٰۃ عشرہ جات میں لجنہ نے شمولیت پر، خطبہ جمع کی اہمیت، پردہ کے موضوع اور Book Club کے اوپر، بھرپور کام کیا گیا۔ ہر پیر کو رکھے جانے والے Book Club میں باقاعدگی سے اس ہفتے کے خطبہ جمعہ پر بات چیت کہ جاتی رہی۔ لجنہ کے مقامی Bulletin پر دیگر اہم پیغامات کے ساتھ ساتھ، ہفتہ وار خطبہ جمعہ کے سوالات بھی شائع کیے جاتے رہے۔




**زونا احمد**

**نیشنل سیکریٹری تربیت**

**لجنہ اماءاللہ USA**

# خدمت خلق میٹرز

## لونگ آئلینڈ

### Thanksgiving & Holiday Drive2024

3 نومبر، 2024 کو، مسجد بیت الہدیٰ میں، لجنہ اماءاللہ لونگ آئلینڈ نے، ایک Thanksgiving Holiday Drive کا انعقاد کیا گیا۔ اس پروگرام کا مقصد مقامی مستحقین تک، حتی الوسع بنیادی ضروریات کی فراہمی تھا۔ الحمد اللہ، یہ تحریک کامیاب رہی اور ممبران میں مل جل کر کام کرنے کی تحریک کو بھی فروغ ملا۔ اس تحریک کے لیے جمع کیے جانے والی اشیا میں، سیریل، پاسٹا، اسٹفنگ اور خشک آلو کے ڈبّے، پاسٹا ساس، کیک مکس، ٹن سبزیاں اور دودھ کے علاوہ، چاول کے تھیلے بھی شامل تھے۔

اس راشن کے علاوہ، 265 ایک وقت کے کھانے کے تھیلے بھی تیار کیے گئے۔ ہر تھیلے کے اوپر: "محبت سب کے لیے، نفرت کسی سے نہیں۔" پیغام کے ساتھ، اندر، جماعتی تعارف کے پمفلٹ بھی ڈالے گئے۔

کل 146 خاندانوں میں یہ تھیلے بانٹے گئے۔ انہوں نے بہت شکر ادا کیا، اور ہمیں دکھایا کہ ایسے پروگراموں سے ہم لوگوں کو کیسے فائدہ دے سکتے ہیں۔ ہم نے 100 تازہ sandwiches اور 200 عدد مختلف اقسام کی ڈبل روٹیاں تیار کیں، اور کیلے تقسیم کیے۔








اس راشن تحریک کے تحت مسجد بیت الہدیٰ سے ضرورت مندوں میں کھانا تقسیم کیا گیا۔

ناصرات نے راشن جمع کرنے میں بہت مدد کی۔ تحریک میں، سینیٹری پیڈز، فارمولا دودھ، خشک دودھ اور بچوں کے سیریل جمع کیے گئے۔ بچوں نے خود ضرورت مندوں میں اشیا تقسیم کیں۔ تحریک کا مقصد، بچوں کے دل میں انسانیت کی خدمت انسانیت کے جذبے کا فروغ تھا۔ تحریک لجنہ اور ناصرات کے مابین باہمی تعاون اور لگن کی اچھی مثال بنی۔ دونوں تنظیموں کی کارکنان نے مل کر اشیا کو جمع کیا اور پھر بانٹا۔ باہمی تعاون نے اس چھوٹے سے کام کو محبت سے بھر کر بڑا بنا دیا۔ اس کامیاب پروگرام پر غور کرنے سے ہمیں عاجزی اور ہمدردی کے ساتھ، انسانی خدمت کو جاری رکھنے کی تحریک ہوتی ہے۔ خدا کے فضل سے اس تحریک نے ہمیں خدا کی نعمتوں اور محبت کو بانٹنے کی توفیق عطا کی۔ الحمد اللہ

## کمبل کے عطیات:

تحریک کے تحت، مندرجہ ذیل تنظیمات میں کمبل تقسیم کیے گئے:

- 10- کمبل سینٹ مارٹن چرچ
- 25- کمبل The senior Center in Amityville
- 5- کمبل Keep the Peace Foundation in Amityville
- 15- کمبل Amityville Police Dept. and Hope for Youth Inc.

سینیئر سینٹر میں لجنات نے کمبل تقسیم کرنے کے ساتھ ساتھ وہاں موجود بزرگوں کے ساتھ وقت بھی گزارا۔ اس ملاقات میں افراد میں اسلام اور احمدیت سے تعارف کے لیے پمفلٹ بھی تقسیم کیے گئے۔

## کھلونوں کے عطیات:

کھلونوں کو Keep the Peace Foundation میں بھیجا، جو بے گھر بچوں کی پناہ گاہ ہے۔ بچے کھلونوں کو دیکھ کر بہت خوش ہوئے۔ ان تحائف سے بچوں کے معصوم چہروں پر مسکراہٹ آگئی اور ان کے دلوں میں ہمدردی اور محبت کی امید اجاگر ہوئی۔

## ماهانہ راشن تحریک:

ماہ دسمبر کے دوران، ماہانہ راشن تحریک میں، لمبے عرصہ محفوظ رہنے والا 500 پونڈ (تقریباً 200 کلوگرام) تک کا راشن اکٹھا کیا گیا۔ یہ تمام تر راشن، .Hope for Youth Inc اور St. Martin Church Pantry کے درمیان تقسیم کیا گیا۔

## سالانہ لجنہ وناصرات Sleep-over

خدمت خلق کے شعبہ نے بھی، سالانہ لجنہ وناصرات Sleep-over میں حصہ لیا۔ ممبرات نے مسجد کی صفائی اور کھانا تقسیم کرنے میں مدد کی اور شرکاء کے لیے سرگرمیوں کا انتظام کیا۔ انسانیت کی خدمت کرنا ہمارا دینی کا عقیدہ ہے، اور لجنہ اماءاللہ لونگ آئلینڈ، اپنے اس عہد کے پورا کرنے میں مستقل مزاجی دکھاتی ہیں۔ چاہے کمبل، کھلونے یا راشن اکٹھا کرنے کی تحریک ہو، یا مسجد کی سرگرمیوں میں مدد اور شمولیت، ہمارا مقصد ہمیشہ خدمت خلق کے جذبے کا فروغ ہے۔

## ورجینیا ساؤتھ

ماہ جولائی میں، شعبہ نے گھریلو تشدد کے متعلق ایک تحریک کا انعقاد کیا۔ ماہ اگست میں ایک Title One school کے لیے "Back to school Drive" میں حصہ لیا گیا۔ ماہ اکتوبر میں پناہ گزینوں اور ضرورت مند خاندانوں کے لیے لازمی راشن کی تحریک کا اہتمام کیا گیا۔ کا انعقاد کیا، اور آخر میں اسی نظریے کی ماتحت، ماہ دسمبر 2024 میں، ایک کھلونوں کی تحریک، سرمائی ملبوسات تحریک، اور ان تمام تحائف کو خوبصورتی سے پیش کرنے کی خاطر، ناصرات کے لیے ایک سرگرمی کا اہتمام کیا گیا جس میں انہوں نے خلوص اور اہتمام سے ان تمام تحائف کو پیک کیا۔




**ازطرف:**
**کسانڈرہ شفیق**
**نیشنل سیکریٹری خدمت خلق،**
**لجنہ اماءاللہ USA**

# ناصرات میٹرز

## ویلنگ برو

ماہ اگست میں علاقائی Sports Day منعقد ہوا۔ 15 سے زیادہ ناصرات نے کھیلوں میں حصہ لیا اور 5 ناصرات لوکل فوڈ پینٹری میں شامل ہوئیں۔ ماہ ستمبر میں طاہر اکیڈمی کی Graduation Ceremony (تقریب حصول اسناد) منعقد کی گئی اور 13 ناصرات نے امتحانات میں حصہ لیا۔ ان میں سے 5 ناصرات لوکل فوڈ پینٹری تحریک میں بھی شامل ہوئیں۔ ماہ اکتوبر میں پارک میں منعقد ہونے والی لجنہ کی میٹنگ میں 15 ناصرات شامل ہوئیں۔ پروگرام میں نئی شامل ہونے والی 5 ناصرات ممبرات، اور 6 لجنہ ممبرات کا استقبال بھی کیا گیا۔

دسمبر میں 14 ناصرات نے ہمسائیوں cookies (خطائیاں) تقسیم کی گئیں۔ 31 دسمبر کو، نئے سال کی روحانی تحریک کا آغاز کیا گیا۔ اس پروگرام میں Zoom پر مربی سلسلہ کے ساتھ سوال وجواب کا سیشن، حضور کو خط لکھنا، رات کا کھانا اور sleepover کے ساتھ ساتھ، ایک عدد تفریحی Nerf battle کی کھیل بھی رکھی گئی۔ اس پروگرام میں 15 ناصرات شامل ہوئیں۔ تہجد اور فجر کی نماز پڑھنے کا انتظام بھی کیا گیا اور تمام تر ناصرات نے اس پروگرام کو خوب سراہا۔۔ ناصرات نے اپنی بہنوں اور کم عمر کی لجنہ کے ساتھ مل کر وقت گزارنے کا بہت لطف اٹھایا۔








## لونگ آئلینڈ

Christmas کے دوران ہماری ناصرات نے دوسرے بچوں کے لیے کھلونے خریدے, تاکہ Holiday Season کے دوران ان بچوں کو خوشیاں مل سکیں۔ مقامی صدر لجنہ اور سیکریٹری ناصرات نے مل کر ناصرات Sleepover کی تیاری کی۔ اس پروگرام میں کئی پر افروز سرگرمیاں شامل تھیں جن سے تمام ناصرات بہت محظوظ ہوئیں اور ان کے باہم تعلقات مضبوط ہوئے۔




**از طرف:**

**نور جمیلہ باھری**

**نیشنل سیکریٹری ناصرات**

**لجنہ اماءاللہ USA**

LAJNA IMA'ILLAH USA
LAJNA IMA'ILLAH-USA

# صنعت وحرفت میٹرز

## لونگ آئلینڈ

مقامی مسجد میں مینا بازار کا انعقاد کیا گیا۔ بازار میں کھانے پینے اور کپڑوں کے اور کھانے کے اسٹال لگائے گئے اور تقریباً 60 افراد نے پروگرام میں شمولیت اختیار کی۔ دیگر جماعتوں سے شمولیت کرنے والی ممبرات نے زیورات کے اسٹال بھی لگائے۔ بازار سے 1,000 $ جمع ہوئے، جو کہ ہماری معاشرے کے منصوبوں اور سرگرمیوں کی مدد کے لیے استعمال کیے جائیں گے۔ دسمبر کے تیسرے ہفتہ میں ہم نے لجنہ کے لیے ایک sleepover کا اہتمام کیا۔ اس کے دوران، ممبران نے coaster painting اور کڑھائی station سے لطف اٹھایا، جہاں انہوں نے اپنی صلاحیتوں اور ہنر کا خوب اظہار کیا۔ ممبران کی مثبت رائے سے اس طرح کے پروگراموں کا معیار بڑھتا ہے۔ اس کے علاوہ لجنہ ممبران کی سہولت کے لیے، کمپیوٹر کی کلاسیں شروع کی گئیں ہیں۔ اس تحریک میں ممبران نے انتہائی دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ ہمارا مقصد ممبران کے مابین Digital awareness & Computer literacy کو فروغ دینا ہے۔









## ورجینیا ساؤتھ (شمالی)

ہم نے جلسہ سالانہ 2024 کے صنعت و دستکاری کے مقابلے میں حصہ لیا اور 5 پوزیشن حاصل کیں، الحمدللہ۔ شمالی ورجینیا کے شعبہ صنعت و دستکاری نے لجنہ اور ناصرات کے اکتوبر 2024 کے نیشنل اجتماع پر اسٹال لگایا۔ شعبہ نے مقامی جماعت کے لیے چندہ جات اکٹھے کیے اور منافع کا دس فیصد نیشنل لجنہ ہال کے لیے عطیہ کیا۔ الحمد اللہ۔

شعبہ کی جانب سے، مقامی جماعت کی مجالس میں کوٹ، عبایہ اور دوپٹے بھی فروخت کے لیے پیش کیے جاتے ہیں تا کہ نا صرف مقامی ممبرات کو یہ ضروریات آسانی میسر آسکیں، بلکہ ان کے اندر خود کفالت اور کاروبار کرنے کا رجحان بھی پیدا ہو۔









لجنہ وناصرات کے سالانہ اجتماع 2024 پر شعبہ صنعت وحرفت کے Fundraising Stall کی جھلکیاں۔




**ازطرف: ثمینہ نور**

**نیشنل سیکریٹری صنعت وحرفت**

**لجنہ اماءاللہ USA**

# تبلیغ میٹرز

## ڈیٹرائٹ




- ماہ جولائی میں، لجنہ نے Ann Arbor Art Fair میں ایک تبلیغی اسٹال لگایا جہاں 5000 لوگوں کی حاضری رہی۔ کتب، "اسلامی اصول کی فلاسفی" اور "حضرت محمد ﷺ کی زندگی"، کی ایک ایک جلد بانٹی گئی۔ یہ ایک دلچسپ تحریک تھی جس کے ذریعہ ہمیں لوگوں کو اسلام احمدیت سے متعارف کرانے کا بھرپور موقع میسر آیا۔
- ماہ ستمبر میں ڈیٹرائٹ کی 11 لجنہ نے ایک باپردہ اور باحیا گروپ کی صورت میں ایک تفریحی مقام پر مل کر سیر کی۔ ان کا مقصد تھا کی ان کے پردہ اور حجاب کو دیکھ کر دیگر افراد مسلمان عورت کے وقار اور اس کے کردار کی مضبوطی کا مشاہدہ کر سکیں۔




## ھیریسبرگ

- 8 جولائی کو منعقد کی جانے والی Summer Faith Night میں 5 مہمانوں نے شمولیت کی۔ اس پروگرام میں اسلام اور احمدیت سے تعارف، اور خواتین کے بنیادی حقوق کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا۔ آنے والی مہمان خواتین میں کافی تعداد میں کتب اور پمفلٹ بھی تقسیم کیے گئے۔ الحمدللہ
- 10 اگست، 2024: اس سال پہلی مرتبہ، ہیر سبرگ کی لجنہ ایک منصوبہ بندی کمیٹی کا حصہ تھیں، جسے دو مقامی گرجاگھروں کے زیر نگرانی مرتب کیا جاتا ہے۔ اس کمیٹی کا نام Back to Scholl Fun Day Celebrations committee ہے۔ اس پروگرام میں لجنہ نے ایک چھوٹا اسٹال لگایا جس میں بچوں کے لیے دلچسپ سرگرمیاں، انعامات، اور اسلام اور احمدیت سے تعارف کے حوالے سے دلچسپ کتب بھی شامل۔ اس کے علاوہ




ممبرات نے آنے والے مہمانوں کو دیسی کھانے بھی پیش کیے۔ پروگرام میں 100 سے زیادہ افراد نے شمولیت کی۔

ستمبر کو لجنہ نے منصوبہ بندی کمیٹی میں حصہ لیا اور ایک تفریحی اور بین المذاہب پروگرام کا اہتمام کیا۔ پروگرام میں تقریباً 50 افراد نے شمولیت کی جس میں ایک راستی متعین کیا گیا تھا کہ جس کے اختتام پر تمام افراد مسجد ہادی تک پہنچے، جہاں ان کا محبت بھرا استقبال کیا گیا اور رات کا کھانا پیش کیا گیا۔

- 16 اکتوبر کو لجنہ نے ایک دلچسپ Interfaith Session کا انعقاد کیا جس میں 40 افراد نے شرکت کی۔ پروگرام کا عنوان: "دعا کے ذریعے امید اور شفا" تھا۔ حاضرین نے سب کے ساتھ اپنے ذاتی اور اجتماعی دعا کے معجزات اور تجربے بیان کیے، تمام موجود حاضرین کو ایک دوسرے سے سیکھنے کا ایک خوبصورت موقع میسر آیا۔











- 22 اکتوبر کو، 12 لجنہ نے اپنے یہودی بہنوں کے منعقد کردہ پروگرام "سکا"(Sukkah) میں شمولیت کی۔ اس پروگرام سے لجنہ نے یہودی مذہب اور ظلم وستم سے بچنے کے ان کے بہادر اور مشکل سفر کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔

- 5 دسمبر کو لجنہ نے مسجد میں ایک Interfaith Dialogue کا اہتمام




کیا جس کا عنوان تھا "عیسیٰؑ، رحمت اور مہربانی کے پیغمبر"۔ پروگرام میں 20 کے قریب افراد نے شمولیت کی جس میں سے ایک عیسائی مہمان نے اپنے نقطہ نظر کو بھی بیان کیا۔

## جارجیا

- ماہ جولائی میں، لجنہ نے ایک Interactive point Presentation دی جس کا موضوع صبر اور نماز کے ذریعے اللہ کی مدد حاصل کرنے کے حوالے سے تھا۔۔ انہوں نے نماز کی حقیقت، نماز کی اقسام، نماز کے آداب، اور نماز کے ذریعے خدا سے مدد طلب کرنے کے طریقے پر بات چیت کی۔
- ماہ اگست میں، جارجیا کی مسجد نے ایک ہندو مندر کے دورے کا انتظام کیا۔ اس تحریک میں 25 لوگوں نے شمولیت کی۔ لجنہ نے اظہار تشکر کے طور پر اپنے Guide (راہنما) کے لئے ایک خوبصورت سی ٹوکری تیار کی تھی کہ جس میں پھول، "محبت سب کے لیے" کے بک مارک، اور Guide (راہنما) کے لیے کھانے پینے کی اشیا تیار کی گئیں تھیں۔
- ماہ ستمبر میں، لجنہ ایک Interfaith پروگرام میں شامل ہوئی، جہاں پر مربی سلسلہ کو سوالات کے جواب دینے کے لیے درخواست کی گئی تھی۔ لجنہ ممبران کو دو ایسے شرکاء سے رابطے کا تبادلہ کرنے کا موقع میسر آیا، جنھوں نے مسجد میں مزید خواتین کے گروہ لانے کی خواہش کا اظہار کیا۔ الحمدللہ








- ماہ نومبر میں، لجنہ تبلیغ ٹیم نے مسجد بیت العطاء نرکراس، میں ایک کانفرنس کے انعقاد کیا جس کا عنوان "محمد ﷺ، رسولِ امن" تھا۔ 37 لوگوں کو دعوت نامے بھیجے گئے جن میں سے 7 خواتین مہمانوں نے دعوت قبول کی۔
- ماہ دسمبر، میں لجنہ نے 3 میل کی ایک Gratitude Walk کا اہتمام کیا۔
- Mc Daniel Farm Park Duluth میں رکھی جانے والی سیر میں 9 مہمانوں اور 24 لجنہ ممبرات نے شمولیت کی اور 3 میل کا فیصلہ مکمل کیا۔ شامل ہونے والے مہمانوں کی اختتام پر ہلکے پھلکے ناشتے سے تواضع بھی کی گئی۔ مہمانوں نے اس تحریک کو پسند کیا اور لجنہ کی کوشش کو سراہا۔

## لانگ آئی لینڈ






- 19 ستمبر کو بیت الہدیٰ مسجد، Amitville ,NY میں 15 مہمان اور 50 لجنہ نے باہمی طور پر ایک Interfaith session کا انعقاد کیا۔ جس کا عنوان تھا: 'میرا دین پر عمل کرنا دنیا کو کیسے شفا دیتا ہے؟' مختلف مذاہب کے مقررین نے اپنے اپنے تجربات کا اشتراک کیا اور انسانیت کی مدد کے لیے ایک مشترکہ حل نکالنے کی کوشش کی تاکہ باہمی امن اور ہم آہنگی کو فروغ مل سکے۔
- ماہ دسمبر میں، Holiday Season کے دوران، لجنہ نے ایک اور تنظیم کے ساتھ مل کر Toy Drive (کھلونے بانٹنے کی تحریک) کا اہتمام کیا۔ اس پروگرام کت ذریعہ بہت عمدہ طریق پر، "محبت سب کے لیے، نفرت کسی سے نہیں" کے پیغام کو بھرپور طریق پر پیش کرنے کا موقع ملا۔ الحمدللہ

## سیئیٹل

- 28 ستمبر کو لجنہ نے "حیاء، استحصال کے خلاف ایک ڈھال" کے موضوع پر Interfaith Dialogue (بین المذاہب مکالمہ)




کا انعقاد کیا۔ انہوں نے حجاب کی تاریخی اور مذہبی اہمیت کے بارے میں بھی بات کی گئی۔ کل 30 لجنہ اور 10 مہمانوں نے شمولیت کی۔

- 8 نومبر کو، 12 لجنہ ایک مقامی گرجہ گھر کے Interfaith پروگرام میں شامل ہوئیں۔ لجنہ کو اس موقع پر اسلام اور احمدیت کا تعارف کروانے کا موقع ملا، اور انہوں نے حاضرین میں اسلام سے متعلق، 22 کتب، 36 پمفلٹ اور 20 رسالے بانٹے۔

## کلیولینڈ

- ماہ جولائی میں، کلیولینڈ کی 11 لجنہ و ناصرات، بیڈفورڈ شہر کے ساتھ 4 جولائی کی پریڈ میں شامل ہوئیں۔ شامل ہونے والی ممبران 2.6 میل تک جھنڈے اٹھائے ہوئے اور مٹھائی تقسیم کرتے ہوئے ساتھ ساتھ چلیں۔ انہوں نے اپنے ساتھ ایک بینر جس پر "Muslims of Loyalty" (وفاپرست مسلمان) کا پیغام کندہ تھا، اٹھایا ہوا تھا۔

## انڈیانا




- 2024 کے Festival of Faiths میں حجاب آزمانے کے لیے لجنہ نے ایک اسٹال قائم کیا۔ حاضرین کے درمیان 150 کے قریب دوپٹے (scarfs) اور 50 جماعتی پمفلٹ بانٹے گئے۔ اسٹال میں ایک سوال پوچھا گیا تھا: "What does modesty mean to you?" یعنی کہ آپ کی نظر میں حیا کا کیا مطلب ہے؟ اس سوال نے اسٹال پر دلچسپی اور گہما گہمی قائم رکھی اور آنے والوں نے کاغذ پر اپنے خیالات تحریر کیے۔

## سیلیکون ویلی

- ماہ اکتوبر مین سیلیکون ویلی کی 9 لجنہ نے مقامی گرجہ گھر کے ایک پروگرام میں شمولیت اختیار کی۔ اس دوران ایک تاریخی، پر اثر اور دل سوز فلم "Where Olive Trees Weep"، دکھائی گئی۔ فلم فلسطین کے بارے میں تھی اور لجنہ کو فلم کی خاتون پروڈیوسر سے تعارف کا موقع بھی ملا۔




## ڈیلس



- ماہ جون میں، ڈیلس کی لجنہ نے ،دو دن کا ناصرات کیمپ منعقد کیا، جس میں تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ تفریحی دلچسپیوں کا اہتمام بھی کیا گیا تھا۔
- ماہ ستمبر 2024 میں، لجنہ نے ایلین شہر کے بیت الاکرام مسجد میں اپنی پہلی سالانہ اسلامی موضوعات پر مبنی فن کاروں کی نمائش کا انعقاد کیا۔ نمائش کے لیے مجموعی طور پر 88 فن کارے فراہم کی گئے، جن میں سے بیشتر لجنہ نے خود تخلیق کیے تھے۔ کل 20 مہمان اور 85 لجنہ نے اس پر لطف پروگرام میں شمولیت کی۔

## ڈیے ٹن

- ماہ نومبر میں ڈے ٹن مسجد میں لجنہ نے ایک Interfaith پروگرام منعقد کیا جس کا عنوان تھا "اولیاء اور شہدا" - پروگرام میں 6 لجنہ اور 24 مہمان نے شرکت کی۔ اس موضوع پر تمام حاضرین نے تبادلہ خیالات کیا اور اس حوالے سے اسلامی نظریے کے بارے میں بھی شناسائی حاصل کی۔ آنے والے مہمانوں کو نماز کر مشاہدہ کرنے کا بھی موقع ملا۔





## فورٹ ورتھ

- ماہ ستمبر میں لجنہ نے مقامی مستحقین کے لیے ماہانہ Food drive میں حصہ لیا۔ انہوں نے 120 خاندانوں کو بنیادی راشن کی فراہمی کی ،اور ان کے لیے سہولت فراہم کی۔



## سنٹرل جرسی

- 9 اور 10 نومبر کو سینٹرل جرسی کی لجنہ ممبرات نے New Jersey Women Expo میں شمولیت کی اور ایک تبلیغی اسٹال لگایا ۔جہاں پر تقریباًپورے ملک سے 30،000 لوگوں نے شمولیت کی۔ ممبرات نے حاضرین کے ساتھ اسلام اور احمدیت پر تبادلہ خیالات




کیے۔ اس موقع پر ان کو جمعت تصانیف سے 10 کتب اور 100 پمفلٹ بانٹنے کا موقع بھی ملا۔

## بفلو

- 2 نومبر کو بفلو کی لجنہ نے سالانہ Niagara Falls Cultural Fair میں شمولیت کی، اور احمدیت کے تعارف کے حوالے سے ایک اسٹال لگایا۔ اس سال کا موضوع Walk the World تھا۔ تقریباً 1,200 افراد نے اس پروگرام میں شمولیت کی۔ سینکڑوں افراد نے اس اسٹال پر اپنی دلچسپی کا اظہار کیا اور احمدیت سے متعلق کتب اور پمفلٹ حاصل کرنے کے علاوہ اسلام اور احمدیت پر گفت وشنید بھی

کی اور قیمتی آگاہی حاصل کی۔




- 21 نومبر کو، Niagara Falls میں مستحق خاندانوں کے درمیان 500 ٹرکی، اور canned goods (راشن کے بند ڈبے) تقسیم کیے گئے۔ اور اس کے علاوہ، محبت، خدمت، اور معاشرے کی آگاہی کا پیغام پھیلانے کے لیے 500 کے قریب پمفلٹ بھی بانٹے گئے۔
- 27 نومبر کر بفلو کی لجنہ نے مسجد مہدی میں 4 مہمانوں کی شرکت کے ساتھ

Thanksgiving Family Dinner کا اہتمام کیا۔ تمام افراد نے ایک دوسرے کے ساتھ اپنے خیالات بانٹے کہ وہ کس کس بات کے لئے شکر گزار ہیں۔ اس سے ایک خوبصورت اور پر معنی گفتگو کا ماحول پیدا ہوا۔

## کوئینز

- 17 نومبر کو، Alley Pond Park میں، 11 لجنات، 3 ناصرات اور 6 مہمانوں نے، Gratitude Walk میں حصہ لیا۔ اس موقع کے لیے شعبہ امور طالبات کی ممبرات نے بہت خوبصورت T-Shirts ڈیزائن کیں تھیں جو کہ انہوں نے شامل ہونے والے








مہمانوں میں تقسیم کیں۔ اس کے بعد شامل ہونے والوں نے 3 میل کی سیر بھی مکمل کی۔

## البانی

- ماہ دسمبر میں 5 لجنہ ممبرات نے Messiah Lutheran Church م کے تحت اہتمام کیے جانے والے پر لطف Pie making کے پروگرام میں شمولیت اختیار کی۔ اس پروگرام کے دوران ممبران کو احمدیت کے حوالے سے اپنا تعارف کروانے ل اور اسی موضوع پر ہلکے پھلکی گفتگو کرنے کا موقع بھی ملا۔ جس مین انہوں نے دونوں عقائد کے مابین مماثلت پر بھی بات چیت کی۔

موضوع پر ہلکے پھلکی گفتگو کرنے کا موقع بھی ملا۔ جس مین انہوں نے دونوں عقائد کے مابین مماثلت پر بھی بات چیت کی۔

- 18 دسمبر کو لجنہ کی تبلیغی تحریک Evening with Friends (دوستوں کے ساتھ ایک شام) کا اہتمام کیا گیا۔ اس پروگرام میں 22 مہمانوں نے شرکت کی۔ پروگرام میں Introduction of Islam Ahmadiyyat and Humanity First, (اسلام احمدیت اور ہیومینیٹی فرسٹ کا تعارف) کے موضوع پر ایک presentation بھی دی گئی۔ مہمانوں کے ساتھ ایک نہایت خوش گوار اور ہلکے پھلکے ماحول میں مہندی لگانے، حجاب پہن کر دیکھنے، عربی میں اپنا نام لکھوانے اور gift boxes بنانے کے ساتھ ساتھ بات چیت بھی ہوتی رہی۔ اس تمام پروگرام کو آنے والے تمام لوگوں نے نہ صرف سراہا، بلکہ خوشی کا اظہار بھی کیا۔





## شکاگو

- 7 دسمبر 7، لجنہ نے ایک Gratitude Interfaith Event، (بین المذاہب شکر گزاری تقریب) کا اہتمام کیا۔ پروگرام میں 5 مختلف مذہبی عقیدہ سے تعلق رکھنے والے 12 مہمانوں نے شرکت کی۔ پروگرام میں خدا تعالی کی خوشنودی ادا کرنے کا اسلامی نقطۂ نظر، تبادلہ خیال اور شکر گزاری سے متعلقہ قرآنی آیات پیش کی گئیں۔ مہمانوں کو تحائف، لٹریچر اور ریفریشمنٹس پر مشتمل گفٹ بیگز پیش کیے گئے۔ مہمانوں نے مثبت رائے دی کہ یہ معاشرے کے افراد کے لیے ایک بہترین پلیٹ فارم تھا جہاں وہ باہمی روابط مضبوط کرنے کے ساتھ ایک دوسرے کے مذاہب کے بارے میں سیکھ سکتے ہیں۔





## اوشکوش

18 دسمبر کو دو لجنہ ممبرات نے Lutheran Church Comapritive Religions Class میں اسلام کی بنیادی تعلیمات کے حوالے سے ایک لیکچر لجنہ نے سوال وجواب کا ایک Interactive Session بھی کیا جس میں ایمان کے ارکان، عید، احمدیت اور دیگر مذاہب کے مابین عقائد کے فرق کو زیر گفتگو لایا گیا۔

## (جنوبی) نارتھ ورجینیا

- ماہ جولائی میں، 50 لجنہ نے ہمسائیوں، دوستوں، اور اپنے کام پر ساتھیوں کو تبلیغ کی۔ اس کے نتیجہ میں تقریباً 105 روابط قائم ہوئے۔ ۔ایک تبلیغی رابطہ سے گھر میں ملاقات ہوئی اور ان کو کتاب، "Ahmad: The Guided One کی کاپی دی گئی۔



- 20 اگست کو نارتھ ورجینیا جماعت نے مبارک مسجد میں ایک Interfaith پروگرام منعقد کیا جس میں لجنہ کی طرف 9 مہمان خواتین نے شرکت کی۔ اس تقریب میں دنیا میں تقسیم اور تنازع پر بات چیت ہوئی۔ اس زمن میں مکالمے، فہم، اور تعاون کی اہمیت پر زور دیا گیا۔
- 24 ستمبر کو مسجد مبارک میں مقامی جماعت نے ایک Interfaith Session کا انعقاد کیا گیا جس میں دنیا میں امن کے لیے خاندان کی اہمیت اور ضرورت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ لجنہ کی طرف دو مہمان خواتین نے شمولیت کی۔
- 2 نومبر کو سیرت النبی ﷺ جلسہ میں شمولیت کے لیے لجنہ اور ناصرات نے سو سے زیادہ دعوت نامے ارسال کیے۔
- ماہ نومبر میں لجنہ کے منعقد کردہ سیرت النبی ﷺ جلسہ میں 150 لجنہ اور 4 مہمانوں نے شرکت کی۔ لجنہ کی تقریر کا عنوان،
- "جنگ اور امن: آنحضرت ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں" تھا۔
- ماہ نومبر میں AMSAW کی تنظیم نے، George Mason یونیورسٹی میں "Try On a Hijab" (حجاب پہن کر دیکھیں) کا اسٹال کالگایا، جس میں 3 افراد نے حصہ لیا۔ یہ کیمپس میں تبلیغ کی ایک اچھی کوشش تھی۔
- 14 دسمبر کو ورجینیا کی مسجد میں God Summit Event میں 150 لجنہ اور 21 مہمان خواتین نے شمولیت کی۔ تقریروں کے عنوان مندرجہ زیل تھے: "I am" (میں (خدا) ہوں! خدا کے وجود کا ثبوت) اور "I hear: Power of Prayer" (میں (خدا) سنتا ہوں: دعا کی طاقت)۔



- 17 دسمبر کو لجنہ نے اپنے پرس بیٹیرین (Presbyterian) دوستوں کے ساتھ کرسمس لنچ (Christmas Lunch) کیا۔ مہمانوں نے جماعت کی شادی کرنے اور رشتہ کروانے کے طریقہ کے بارے میں بات چیت کی۔
- ماہ دسمبر میں لجنہ اور ناصرات کی کثیر تعداد نے اپنے غیر از جماعت احباب کے ساتھ تحائف، گریٹنگ کارڈز، ای میل اور فون ٹیکسٹوں کے زریعہ، تہواروں کی مبارکبادوں اور نئے سال کی دعاؤں کا تبادلہ کیا۔ لجنہ نے اپنے پلیٹ فارم سے بھی 75 کے کارڈ ارسال کیے جن میں سے کافی کے جواب بھی موصول ہوئے۔







**از طرف:**

**ڈاکٹر امتہ القیوم ایاز شمس**

**نیشنل سیکریٹری تبلیغ،**

**لجنہ اماءاللہ USA**

# اشاعت میٹرز

## لانگ آئلینڈ



ماہانہ میٹنگ میں، کتابوں کے اسٹال لگائے گئے اور عائشہ میگیزین، لجنہ ورک بک اور لجنہ کی فروخت کی جانے والی دیگر تصنیفات کے بقایہ جات کی وصولی کی گئی۔ عائشہ میگیزین کے لیے لانگ آئلینڈ کی لجنہ کی جانب سے لکھے جانے والے 3 مضامین اور ایک نظم کو بھی شائع کرنے کے لیے پیش کیا گیا۔ اسی طریق پر ہر میٹیگ پر عائشہ میگیزین کی فروخت پر کام کیا گیا۔







## ورجینیا ساؤتھ (شمالی)

ممبران کی دلچسپی اور ان کی سہولت کے لیے، آئیندہ ہونے والے پروگراموں کی کی تفصیلات کے لیے بلیٹن بورڈز بنائے گئے جن پر نہ صرف آنے والے جماعتی پروگراموں کی تاریخیں موجود تھیں بلکہ، اممبران کو اس کی جانب رجوع کرنے کی ضرورت کی غرض سے خوبصورت احادیث اور دلچسپ کھانوں کی تراکیب بھی شامل کی گئی تھیں۔

اشاعت کے شعبہ نے میڈیاواچ کے ساتھ مل کر ایک Virtual تصانیفی ورک شاپ کا اہتمام کیا، جس میں Haloween (ہیلووین) کے مضمون پر تحریرات کی گئیں۔

اس کے علاوہ امورِ طالبات اور میڈیاواچ کے شعبہ جات کے ساتھ مل کر 2-3 مذید تصنیفاتی ورک شاپوں کا اہتمام کیا گیا جن میں مضمون لکھنے اور شائع کرنے کے حوالے سے کام کیا گیا۔ ماہ ستمبر کی ورک شاپ میں 12، لجنہ اور ناصرات شامل ہوئیں۔ ماہ اکتوبر کی ورکشاپ میں 5 لجنہ اور ناصرات شامل تھیں۔

**ازطرف: شازیہ سھیل**
**نیشنل سیکرٹری اشاعت،**
**لجنہ اماءاللہ USA**

# وقف جدید میٹرز

## ورجینیا ساؤتھ

ورجینیا ساؤتھ کی لجنہ نے، 460 لجنہ،96 ناصرات،اور160،سات سال سے چھوٹے بچوں کے وقف جدید کے100٪ چندہ جات اکٹھے کیے۔ الحمد للہ۔2024 میں کل 120 کے قریب ننھے مجاہد اور ننھی مجاہدات،$50 کے ساتھ اس تحریک میں شامل ہوئے۔

**ازطرف: سمانتھہ اسام**
**نیشنل وقف-جدید سیکریٹری،**
**لجنہ اماللہ USA**

# صحت جسمانی میٹرز

## ورجینیا ساؤتھ

13 جولائی 2024، کو لجنہ اور ناصرات نے ایک کھیلوں کے میلے (fair) کا اہتمام کیا۔

**ازطرف: خدیجہ اگنبیئی**
**نیشنل سیکرٹری صحت جسمانی**
**لجنہ اماللہ USA**

LAJNA IMA'ILLAH USA

# امور طالبات میٹرز

## لانگ آئیلینڈ

ماہ دسمبر میں شعبہ امور طالبات کی ممبران نے مل کر ایک میٹنگ کی جس میں نصاب کے اوپر تبادلہ خیال کرنے کے علاوہ بچیوں نے مل خطائیاںcookies بنائیں۔ طالبات نے لجنہ کے شعبہ خدمت خلق اور شعبہ تبلیغ کی جانب سے مسجد میں کی جانے والی راشن تحریک میں بھی حصہ لیا اور تیاری، صفائی اور کھانا بانٹنے میں ہاتھ بٹایا۔

ماہ دسمبر میں امور طالبات کی ممبران نے لجنہ کی جانب سے Sleepover میں بھی شمولیت کی۔ پروگرام کا آغاز مربی صاحب کے پیش کردہ سوال وجواب کے تربیتی نشستکے ساتھ ہوا، جس میں احمدیت کے علاوہ، دیگر امور پر بھی بات چیت ہوئی۔ ممبران نے اس کے بعد اپنے دیگر تفریحی پروگراموں میں حصہ لیا اور ہلکے پھلکے ماحول میں آپس میں خوشگوار وقت گزارا۔

## میری لینڈ

طالبات مسجد میں میل جول کے لیے مصوری کرنے جمع ہوئیں، جہاں انہوں نے اپنے کالج اور یونیورسٹی کے حوالے سے اپنی پسند کے شعبہ جات اور مضامین کو زیر بحث لایا۔ اس کے ساتھ ساتھ طالبات نے تعلیمی اداروں میں حجاب اپنانے کے مسائل اور فوائد پر بھی بات چیت کی۔



## ولنگ برو

امور طالبات کی ممبران نے ایک پر رونق مصوری کی شام کا اہتمام کیا جس میں 9 طالبات شامل ہوئیں۔ شام بھر بچیوں نے بات چیت اور مزاح میں کینوس اور بیگ پینٹ کیے۔ تمام ممبران ایک ایک کھانا سب کے ساتھ مل بیٹھ کر کھانے کو ساتھ لے کر آئیں تھیں۔ آئندہ کے شعبہ جات اور مضامین کے چناؤ پر بھی بات چیت ہوئی اور بچیوں کو ایک دوسرے کو بہتر طور پر جاننے کا موقع ملا۔

ماہ ستمبر میں ممبرات نے مسجد کے قریب ایک پر تفریح سیر کا اہتمام کیا۔ اس تحریک میں 4 بچیاں شامل ہوئیں اور ایک دوسرے کے ساتھ بھائی چارے کو فروغ ملا۔ باہر کا خوشگوار اور خوبصورت ماحول، بے تکلف میل ملاپ کے لیے بہت موزوں ثابت ہوا۔

## کولمبس (اوھائیو)

ماہ اگست میں امور طالبات کی ممبر ان کے لیے ایک نہایت پر تفریحی دن کا اہتمام کیا گیا۔ انہوں نے باہر واٹر سلائیڈ، ٹریمپولین، باؤنس ہاؤس، اور دیگر کھیل کود میں حصہ لیا۔ کھانا کھانے اور نماز کے بعد اندر بیٹھ کر انہوں نے مہندی، نیل پالش اور دیگر دستکاری بھی کی۔ اس کے علاوہ Magnet Tiles Painting بھی کی۔





## سنٹرل جرسی



بہنوں کے باہمی تعلق کو مضبوط کرنے اور باہر جسمانی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے، Cheesequake State Park میں CNJ 20 امور طالبات کے ممبران 2 میل تک چلیں۔ پیدل سفر کی تیاری کے لیے، 5 لجنہ ممبران، طلبہ کو گاری میں لے کر سیر گاہ تک پہنچیں اور بچیوں کا دھیان رکھا گیا۔ کھانے کے بیگ تیار کیے گئے تھے جن میں Gatorade اور Granola Bars شامل تھیں۔ اس کے ساتھ ایک فرسٹ ایڈ کٹ بھی موجود تھی۔ 18 سال سے کم عمر بچیوں نے شامل ہونے کے لیے اپنے والدین کی جانب سے رضامندی فراہم کی تھی تا۔ یہ خوبصورت سیر ایک ایسے Forest Trail پر مشتمل تھا جو سخت لکڑی کے جنگل سے گزرتا تھا، پھر سیڑھیوں / Board Walks سے نیچے اترتا ہوا دوبارہ ہلکی سی چڑھائی پر جاتا تھا۔ یہاں جھیلوں کے مناظر بھی موجود تھے اور جنگلی حیات بھی مشاہدہ کرنے کو ملی۔ آخر میں طالبات نے پیزا کھایا اور مسجد بیت الحادی میں واپسی کے ساتھ نماز ادا کی۔


## شکاگو




شکاگو کی امور طالبات نے ایک مزے دار سوشل ایونٹ رکھا تاکہ بہنوں کے باہمی تعلق کو مضبوط کریں۔

## ورجینیا نارتھ (شمال)

امور طالبات کی ممبران نے ترتیل قرآن کی کلاسوں کا اہتمام کیا، فلسطین کے حالات کے بارے میں مضمون چھاپے، اور لجنہ کی والی بال ٹورنامنٹ کی تیاری کی۔ ورجینیا نارتھ کی والی بال ٹیم میں کئی امور طالبات کے ممبران شامل ہیں۔ ستمبر میں ٹیم نے ٹورنامنٹ کے لیے تیاریاں کیں جو اکتوبر میں مسجد بیت الرحمٰن میں ملکی اجتماع کے دوران ہوا۔



ورجینیا نارتھ کی امور طالبات نے دوستوں کے ساتھ مل کر کل وجمیع کا اہتمام بھی کیا۔ طالبات نے جگہ کو تیار کیا اور کھانے سے پہلے ممبران نے آپس میں باتیں کیں۔ رات کے کھانے کے دوران ممبران نے ایک دوسرے سے اپنا تعارف کروایا اور بتایا کہ وہ کہاں سکول جاتے ہیں اور کیا پڑھ رہے ہیں۔ اس کے بعد امور طالبات کی سیکریٹری نے اسلامی نقطہ نظر سے Thanksgiving کے بارے میں PowerPoint Presentation دکھائی۔ اس میں طالبات نے بھی حصہ لیا۔ سب نے Word Scrabble & word Search جیسی کھیلوں میں حصہ لیا۔ آخر میں ایک طالبہ جس نے خطاطی سیکھی ہوئی ہے، دیگر طالبات کو خطاطی کی کلاس کروائی۔ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی صفت "الشکور" کو پینٹ کرنا سکھایا۔



ورجینیا نارتھ کی لجنہ نے امور طالبات کے لیے All About Skin کا ایک دلچسپ نشست منعقد کیا۔ اس نشست میں ہماری جماعت سے ایک جلدی ماہر نے جلد اور میک اَپ کے مشورے دیے اور ایک لڑکی کو میک اَپ کیا۔

ورجینیا نارتھ کی امور طالبات نے Goody Bags تیار کرنے کی تحریک بھی کی، اور جلسہ سالانہ USA کے رضاکاروں کے لیے 600 Goody Bags تیار کیے۔ رضاکاروں کے لیے تحفے کے بھی بنائے جن میں جلسہ سالانہ کے لیے برقعہ اور دوپٹے شامل تھے۔

## فیلی ڈیلفیا



فیلی ڈیلفیا کی امور طالبات Bowling Center میں ایک تفریحی پروگرام کا انتظام کیا۔ اس تفریح کا تمام بچیوں نے بہت پسند کیا اور ان کو اپس کے باہمی تعلقات مضبوط کرنے کا موقع ملا۔

## ساؤتھ (جنوبی) ورجینیا

جنوبی ورجینیا کی امور طالبات نے کئی سرگرمیوں میں حصہ لیا، جو قیادت، تعلیم، اور خدمت خلق پر مبنی تھیں۔ طالبات نے مقامی اور نیشنل پروگراموں میں نہ صرف شمولیت کی، بلکہ رضاکارانہ طور پر خدمات بھی سرانجام دیں۔ طالبات نے Media Watch اور اشاعت کی ورک شاپ میں بھی حصہ لیا جس کا مقصد نوجوانوں میں جماعت کے لیے لکھنے میں حوصلہ افزائی پیدا کرنا اور انکو قلم کے جہاد کے لیے تیار کرنا تھا۔ امور طالبات کی ممبران نے دوران سال مختلف نیشنل اور ضلعی پروگراموں میں، نے رجسٹریشن، کھانے، Security اور Audio/Visual کے شعبی جات کے لیے رضاکارانہ خدمات سرانجام دیں۔ ممبران نے طاہر اکیڈمی کی کلاسوں میں تدریسی خدمات بھی سرانجام دیں۔ کئی ممبران نے Media Watch اور اشاعت کے شعبہ جات کے لیے مضامین بھی تحریر کیے۔ م شعبہ کی جانب سے ماؤں اور بیٹیوں کے مابین بات چیت اور مراسم کو بہتر بنانے کے لیے ایک Panel Discussion کا اہتمام کیا گیا اور شادی کے بارے میں بھی بات کی گئی۔ شعبہ امور طالبات نے صدر صاحبہ اور امور طالبات کی سیکریٹری کی اجازت اور باہم مشورے سے ایک Sisterhood Circle کی ابتدا بھی کی۔ دوران سال، طالبات نے ایک کچ وجمیعہ، اور Private pool Party کا بھی انتظام کیا، تاکہ بہنوں کے باہمی تعلق کو مضبوط کر سکیں۔

## AMWSAActivities

شمالی اور جنوبی ورجینیا کی طالبات نے George Mason University میں ایک پروگرام کا اہتمام کیا جس کا مقصد یونیورسٹی کے دیگر طلبہ اور طالبات (اور اساتذہ) کو اسلام اور احمدیت سے متعارف کروانا تھا۔ اس مقصد کے لیے AMWSA کی تنظیم نے

ایک تبلیغی اسٹال لگایا تھا جس میں لوگوں کے سوالوں کے جواب دینے کے علاوہ، اپنے آپ کو حجاب پہن کر دیکھنے کا اہتمام بھی کیا گیا تھا۔ ممبران نے اس کام کے لئے ایک شیشہ اور 15 کے قریب حجاب اسٹال پر رکھے اور کافی آنے والوں نے اس میں دلچسپی کا ظہار کیا۔

**ازطرف:**

**ڈاکٹرعزیزہ رحمٰن**

**نیشنل سیکریٹری امورطالبات**

**لجنہ اماءاللہ USA**

# میڈیاواچ میٹرز

## ساؤتھ(جنوبی)ورجینیا

تمام لجنہ اور ناصرات کو جون تا دسمبر 2024 کے مضامین کے عنوانات کے بارے میں آگاہی دی گئی۔ اس تحریک کے تحت شائع ہونے والے چید مضامین کچھ یوں ہیں:

https://medium.com/@ahmadsahmad/happy-daughters-day-90f31142d211

https://medium.com/@ghazalanadeem88/differences-between-abrahamic-religions-fbe50a71f58e

https://medium.com/@virginiasouthwj/halloween-the-ahmadi-muslim-perspective-8e98f769757b

https://medium.com/@ghazalanadeem88/jesus-as-in-lslam-68fdf7de523d

اس کے علاوہ شعبہ اشاعت اور 'یوٹی' کے ساتھ ایک چھوٹی سی ورک شاپ کا بھی اہتمام کیا گیا۔ شعبہ اشاعت کے ساتھ مزید دو عدد تحریری ورک شاپس بھی رکھی گئیں۔ ماہ ستمبر کی ورک شاپ میں کل 12 لجنہ اور ناصرات نے شمولیت اختیار کی جبکہ اکتوبر کی ورک شاپ میں کل 5 لجنہ اور ناصرات شامل ہو پائیں۔

**از طرف:**

**مصبح راشد**

**معاونہ میڈیاواچ**

**برائے صدر لجنہ اماءاللہ USA**

# وقف نو میٹرز

## نیشنل واقفات نو SummerCamp20224

ماہ اگست 2024 میں، ورجینیا ساؤتھ کی لجنہ نے مسجد مسرور میں نیشنل واقفاتِ نَو کا سمر کیمپ انعقاد کیا۔ ہم نے 12 تا 21 سال کی واقفاتِ کو تعلیمی اور دیگر پروگراموں کی شمولیت کے لیے، جبکہ 22 سال سے اوپر کی واقفات کو رضاکارانہ شمولیت کے لیے دعوت نامہ بھیجا گیا تھا۔ اس تین روزہ تحریک میں، تعلیمی طور پر تقریباً 40، جبکہ رضاکارانہ طور پر 60 کے قریب لجنہ نے شمولیت اختیار کی۔ اس پروگرام کے دوارن، مختلف سرگرمیاں منعقد کی گئیں جن میں:

Re-dedication of Oath (عہد کو زندہ کرنا) پر ایک مباحثہ،

واقفات نو کی تیار کردہ، تحقیق تربیتی Presentations

ماؤں کے لیے، وقفِ نو اور ان کی تربیت کے حوالے سے ایک ورک شاپ،

فی البدہیہ تقریری پروگرام،

جبکہ ایک اور نشست کا اہتمام کیا گیا کہ جس میں واقفَاتِ نو، اور ان کی ماؤں نے اجتماعی طور پر خلیفہ وقت کی خدمت میں خط لکھے۔

اس کے علاوہ، صنعت ودستکاری کی سرگرمیاں، اور میٹھا بنانے کے مقابلہ جات بھی شامل تھے۔

حاضرین کی تفریح کے لیے ساتھ ساتھ مختلف قسم کی دیگر تفریحی کھیلیں، بورڈ گیمز، اور مہندی وغیرہ کا اہتمام بھی کی گیا تھا۔

## سالانہ واقفات نو امتحانات

اکتوبر تا نومبر 2024 کے دوران تمام ملکی جماعتوں میں، 2 تا 21 سال تک کی عمر کی واقفات کے تعلیمی امتحانات کا انعقاد ہوا۔

ان واقفات میں سے امتحانات کے لیے درست طور پر اندراج کروانے والی ممبران 92٪ تھیں، جبکہ 17 سے 21 سال کے درمیان کی عمر کی صرف 38٪ واقفات نے امتحان دیا۔

## واقفات نو علاقائی اجتماع

جماعت USA میں لجنہ و ناصرات کے اجتماعی طور پر اپنی اپنی علاقائی جماعتوں میں، خدا کے خاص فضل کے نتیجہ میں، 16 نومبر 2024 کو، 16 اجتماعات منعقد ہوئے۔ الحمدللہ ان تمام اجتماعات میں ملا کر کل 572 کے قریب واقفات اور 359 کے قریب ان کی مائیں شامل ہوئیں۔ اس ایک روزہ تحریک میں Interactive Discussions کھیلیں، اور Team Building کی مشقیں شامل تھیں۔

5 تا 8 سال کی واقفات نے مختلف انبیا کے بارے میں سیکھا، 9 تا 12 سال کے بچیوں نے جمعہ کی اہمیت کے حوالے سے ایک ورک شاپ میں حصہ لیا، اور 13 سال سے اوپر کی واقفات کے ساتھ شادی کے موضوع پر بات چیت کی گئی۔ ماؤں کے لیے اسی موضوع کے اوپر Interactive Discussion بھی ہوئی جس میں واقفینِ نو کی پرورش میں مشکلات کے بارے میں بات کی گئی۔ اسی کے حوالے سے Zoom پر ایک Jeopardy کی کھیل بھی کھیلی گئی جس میں تمام حاضرین نے بہت دلچسپی کا ظہار کیا۔ اس کے بعد نماز ظہر اور عصر کا اہتمام کیا گیا اور دوپہر کا کھانا کھایا۔ اختتامی نشستکے دوران ان تمام واقفات کو سراہا گیا کہ جنھوں نے اپنا عہد دہرایا تھا اور اعلی کارکردگی دکھائی تھی۔ اس پروگرام میں صدر لجنہ USA اور ان کی مرکزی عاملہ کی چار ممبران نے بھی شمولیت اختیار کی اور پر اثر الفاظ سے خطابات کیے۔

## جلسہ WestCoast 2024

28 دسمبر، 2024 کو، اس جلسہ پر تمام واقفینِ نو اور ان کے والدین کے لیے ایک میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ محترم امیر جماعت USA اور ملکی نائب صدر لجنہ نے اس میٹنگ کی صدارت کی۔ یہ میٹنگ 45 منٹ جاری رہی، اور مبلغین سلسلہ اور واقفینِ زندگی پر مشتمل ایک پینل کے ساتھ تبادلہ خیال کیا گیا، اور پہلے سے درخواست کردہ سوالات کے جواب بھی دیئے گئے۔ آخر میں واقفات میں تحفے تقسیم کیے گئے۔ لجنہ کی جانب کی حاضری 50 رہی۔

**از طرف: عطیہ ملک**
**نیشنل معاونہ نومبایعات**
**برائے**
**صدر لجنہ اماءاللہ USA**

# MSLM کانفرنس
## 30 اگست تا 1 ستمبر 2024
## JW Marriott Bonnet Creek اورلینڈو، فلوریڈہ

اگست 30 تا ستمبر 1 کو، اورلینڈو، فلوریڈا میں، دوسری طبی، سائنسی، تعلیمی، جدت اور سرپرستی کانفرنس منعقد ہوئی۔ یہ جماعت احمدیہ USA کی ان مختلف ذیلی تنظیموں کی مشترکہ کانفرنس ہے کہ جو professionals پر مبنی ہیں۔ ان تنظیموں کے نام، اور ان کے صدر ان کے نام یوں ہیں:

- ڈاکٹر فیضان عبداللہ ہکورہ: Ahmadiyya Muslim Medical Association (AMMA)
- ڈاکٹر سہیل حسین: Association of Ahmadi Muslim Scientists (AAMS)
- ڈاکٹر نصرت شریف PhD: Ahmadi Women Scientists Association (AWSA)
- محترم جنید ملک صاحب: International Association of Ahmadi Architects& Engineers (IAAAE)

2024 کی اس کانفرنس کا انعقاد، 11 ویں قرآن اور سائنس سمپوزیم کے ساتھ ملا کر کیا گیا تھا۔ اس سال کی کانفرنس موضوع، قرآن کی تعلیمات کے ذریعہ، سائنس، طب اور ٹیکنالوجی کو آگے بڑھانا تھا۔ اس کانفرنس کا مقصد نہ صرف طبی طلبہ کو طبی علوم کی مستقل فراہمی (CME) ہے، بلکہ مختلف پیشہ وارانہ افراد کے مابین Networking کے مواقع پیدا کرنے کے لیے ایک جامع پلیٹ فارم مہیا کرنا بھی ہے۔

وہ تمام سہولیات اور نقاد جو کسی بھی پیشہ وارانہ کانفرنس کا حصہ ہوتے ہیں، اس کانفرنس میں آنے والوں کے لیے فراہم کیے گئے تھے۔ آنے والے ممبران سے درخواست کی گئی تھی کہ وہ اپنے اپ کو کانفرنس میں شرکت سے پہلے رجسٹر کروائیں۔ اسی طریق پر، کانفرنس کے سب سے پہلے دن ان کا ہال میں داخل ہونے سے قبل اپنے رجسٹر شدہ نمبر، اور ناموں کے بیج، باہر موجود ٹیبل سے موصول کرنے تھے۔

رجسٹری کی ٹیم نے نہایت خوش اسلوبی اور مہمان نوازی سے اس کام ک کو انجام دیا۔



ہر روز، کانفرنس کا آغاز، قرآن مجید کی تلاوت سے ہوا۔ جمعہ کی صبح احمدیہ مسلم میڈیکل ایسوسی ایشن کے لیے مخصوص تھی۔ اس نشستمیں تمام presentations کا تعلق صحت / طب کے شعبے سے تھا۔ گرچہ کہ تمام ترpresentations ہی انتہائی معلوماتی اور اہم تھیں، میں یہاں ڈاکٹر عالیہ احمد کی پیشکش پر روشنی ڈالوں گی کیوں کہ وہ اس کانفرنس کے لیے خاص لاہور، پاکستان سے شامل




ہونے آئیں تھیں۔ ڈاکٹر عالیہ، بچوں کے کینسر کی ایک ماہر ڈاکٹر ہیں۔ انہوں نے پاکستان میں بچوں کے کینسر کے علاج میں موجود مشکلات اور رکاوٹوں کے بارے میں تفصیلاً بات کی۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان میں طبی پیشہ ور افراد کو حکومتی سطح پر بہتر سہولیات، دیگر طبی ماہرین، اور دوائیوں کی کمی کا زور مرہ کام میں متواتر سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے اپنی presentation میں ان تمام اہم نقاد پر روشنی دالی اور ان کے مناسب حل پر بات کی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تمام حکومتوں کو اس امر کو اہمیت دینی چاہیے، کیونکہ صرف اسی صورت میں مریضوں کی دیکھ بھال کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔

پہلے نشستمیں زیر بحث انے والے موضوعات کچھ ہوں تھے:

- غانہ میں ایک نئے NICU کا قیام
- خدا کی جانب سے دی گئی رہنمائی اور اس میں حائل مشکلات
- ترقی پذیر ممالک میں بچوں کے کینسر
- آفات میں طبی معاونت اور امداد
- کینسر کے علاج میں انقلابی اقدامات،
- Congestive Heart Failure
- بزرگوں کی اہم نگہداشت اور زندگی کے آخری مراحل میں کی جانے والی اہم گفتگو، اور


اس کے علاوہ دیگر موضوعات پر مباحثے اور سوال وجواب کے نشست بھی ہوئے۔

دوپہر کے کھانے کے بعد، مربی رضوان خان صاحب نے جمعہ پڑھایا اور حضور انور کے خطبہ جمعہ سے اقتباس کے بعد کانفرنس کے زمن میں اپنی رائے دی۔ جمعہ کی دوپہر کے نشست،ہیومنٹی فرسٹ کے لیے وقف کیا گیا تھا۔ اس کی تمام تر presentationsپانی کے بارہ میں تھیں، جیسے دنیا میں پانی کی ضرورت، پانی کی قلت اور پانی کی فراہمی۔

اس نشستکے بعد، احمدیہ مسلم میڈیکل ایسوسی ایشن کی جنرل باڈی کی میٹنگ منعقد ہوئ۔ میٹنگ میں 9 کمیٹیوں نے اپنے رپورٹیں دیں۔ اس میٹنگ میں دو خواتین Chair Persons اور AMMA, USA کے قومی عہدہ داران کی شمولیت ایک اہم حصہ تھا۔ گزشتہ سال حضور انور کی دی گئی اجازت کے تحت اب اس نیشنل نشست اور عہدہ کے لیے، خواتین ممبران کا چناؤ بھی کیا جا سکتا ہے۔ اس وقت اس عہدے کے 4 میں سے 2 ممبران خواتین ہیں۔ جب حضور ڈالس، ٹکسس تشریف لائے، تو AMMA,USA نے ان سے ملاقات کی۔ ڈاکٹر امتثال رحمان جو AMMA کی چیئر ہیں، نے 2022 میں بتایا کہ حضور نے کہا کہ اب عورتوں کا انتخاب کیا جاسکتا ہے۔

حضور انور کے امریکہ کے دورہ کے دوران، ڈیلس، ٹیکسس میں AMMA,USA کو حضور انور کے ساتھ ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ AMMA کی Constitution Committee کی چیئر ڈاکٹر امتہ الرحمٰن نے بتایا کہ حضور نے خاص ہدایت فرمائی تھی کہ AMMA کے نقاد میں صنفی مساوات کے مسئلہ کو حل کیا جائے اور جو زیادہ قابل ہے تو اس کو دوسرے فرد پر عہدہ کے لیے فوقیت دی جائے اور مرد یا عورت کی تفریق نہ کی جائے۔ اسی نقطہ کے پیش نظر، کونسل کے اہم اراکین کی نمائندگی اس وقت خواتین ہی کر رہی ہیں، جیسا کہ کانفرنس کی ناظم اعلیٰ محترمہ ڈاکٹر نادیہ ملک صاحبہ ہیں۔ جو کہ AMMA Events اور Continuing Medical Education Committee کی Chair Person بھی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اس کانفرنس کا بنیادی مقصد قرآنی تعلیمات کے ذریعے سائنس، طب اور ٹیکنالوجی کو آگے بڑھانا ہے۔ ڈاکٹر نادیہ نے کہا کہ اس سال کانفرنس میں ہیومینٹی فرسٹ، شعبہ تعلیم القرآن، اور شعبہ وقفِ عارضی نے بھی شمولیت کی ہے۔ اس سال کی ایک اور بڑی بات یہ تھی کہ طبی پیشہ ور افراد کے لیے زیادہ سے زیادہ 8 مسلسل طبی تعلیم (CME) کریڈٹس فراہم کیے گئے، جو اب تک کسی بھی احمدیہ مسلم کانفرنس میں بے مثال تھے۔ CME کریڈٹس طبی پیشہ ور افراد کے لیے اپنے پیشہ وارانہ لائسنس کو منظور شدہ اداروں کے ساتھ برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہیں۔



ایک سوال کے جواب میں کہ، ”آیا اس کانفرنس میں عورتوں کی تعلیم اور پیشہ وارانہ صلاحیت پر زور دیا جاتا ہے یا نہیں؟“ ڈاکٹر نادیہ نے جواب دیا کہ اس کانفرنس میں عورتوں کا برابر حصہ ہے۔ گرچہ کہ خواتین کا ہال الگ تھا، مگر ان کی Presentations کے دوران مرد سوال پوچھ سکتے تھے۔ آخر میں ڈاکٹر نادیہ نے کہا کہ، "سب اس کانفرنس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں کیوں کہ قرآن مجید کی تعلیم سب کے لیے ہے۔ اس کانفرنس کے لیے بہت محنت کی جاتی ہے اور موضوعات کا چناؤ بہت سوچ

سمجھ کر کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کانفرنس طلبہ کے لیے ایک بہترین پلیٹ فارم ہے، اور ان کو چاہیے کہ وہ شامل ہو کر سیکھیں، اور علم اور دعا سے دوسروں کے لیے کارآمد بنیں۔

کانفرنس کا دوسرا دن قرآن مجید اور سائنس کے لیے مخصوص تھا۔ صبح کے نشست میں گیارہویں سالانہ قرآن اور سائنس سیمپوزیم منعقد ہوا۔ دوسری نشست آفات کی تیاری اور دوبارہ تعمیر کے بارے میں۔ اس نشست میں پانی کے ضیا اور تحفظ کے بارے میں بھی بات کی گئے۔

دوسرے دن کی خاص بات، ڈاکٹر عبدالسلام کے پوسٹر کے بارے میں ایک Presentation تھی۔ جس میں حصہ لینے والے طلبہ کو ڈاکٹر عبدالسلام کی تحقیق کے اوپر پوسٹر بنا کر کانفرنس سے پہلے جمع کروادینے کی ہدایت کہ گئی تھی۔ اور کانفرنس پر ان پوسٹروں میں سے بہترین کا چناؤ کیا گیا۔ اسی موضوع پر ایک علمی Interactive Lightening Round کا اہتمام کیا گیا، جس میں طلبہ اور محققین دونوں نے شمولیت کی۔ محترم نائب امیر اور نگران مبلغ USA مربی اظہر حنیف صاحب نے صدارت کی اور خواتین کی سائنس میں دلچسپی دیکھ کر بہت خوشی کا اظہار کیا۔

تیسرے دن تمام پیشہ ور افراد کا مشترکہ نشستتھا۔ ایک پیشہ وارانہ منصوبہ بندی کے نشستبھی انعقاد کیا گیا جس میں طلبہ اپنے پیشہ وارانہ سرپرستوں سے ملے اور رہنمائی حاصل کی۔ لجنہ اماللہ نے اس ضمن میں دو طالبات کے رہنے کے لیے ہوٹل کا انتظام بھی کیا۔

گوہ کہ یہ ایک پیشہ وارانہ کانفرنس تھی، مگر تمام حاضرین کو مستقل پانچ وقت باجماعت نمازوں کی ادائیگی، تہجد پڑھنے، اور بعد از فجر درس القرآن کو سننے کا بھی موقع ملا۔ الحمدللہ

لجنہ اماءاللہ نے صدر لجنہ USA محترمہ دیا بکر صاحبہ کے ساتھ وقت گزارا۔ تمام تین ذیلی سربراہان نے کانفرنس کے دوران اپنی موجودگی سے MSLM24 کی حمایت کی۔ ہفتہ کی رات ان تمام سربراہان کے ساتھ خاص نشست کا اہتمام کیا گیا تھا۔

شمولیت کرنے والے سربراہان میں:

صدر لجنہ USA محترمہ دیا بکر صاحبہ،

صدر انصار اللہ محترم منصور قریشی صاحب،

صدر خدام لاحمدیہ: مربی عبداللہ دبہ صاحب، شامل تھے۔

خدا کے فضل سے، یہ تین روزہ کانفرنس اتوار کو ختم ہوئی۔ تمام شرکاء نے کو اپنے علم میں اضافہ کرنے اور اپنے باہمی تعلقات کو بڑھانے کا قیمتی موقع میسر آیا۔ الحمدللہ

خدا تمام انتظامیہ اور کارکنان کو ان کی محنت کا اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین

**ازطرف: فوزیہ منصور**
**برائے نیشنل شعبہ اشاعت**
**لجنہ اماءاللہ USA**




LAJNA IMA'ILLAH USA

# لجنہ میٹرز

## لجنہ اماءاللہ اور ناصرات الاحمدیہ امریکہ کے لئے

یہ احمدیہ مسلم معاشرہ کی معاون تنظیمات، لجنہ اماءاللہ USA اور ناصرات الاحمدیہ USA کے لیے کی گئی اشاعت ہے۔ اس اشاعت میں شائع کردہ خیالات، احمدیہ مسلم معاشرہ کی لازم نمائندگی نہیں کرتے۔

لجنہ میٹرز کا یہ شمارہ نیشنل لجنہ کی طرف سے، نیشنل صدر لجنہ اماءاللہ USA کی رہنمائی میں مرتب کیا

گیاہے۔ لجنہ میٹرز کی اشاعت ٹیم، اپنی نیشنل عاملہ، اور ان تمام مقامی اور ضلعی صدران کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہے جنہوں نے اس شمارے لئے گذارشات پیش کیں۔ آپ کی تجاویز اور تبصرے ہمارے لئے ہمیشہ قابل احترام ہیں۔

**شائع کردہ: لجنہ اماءاللہ امریکہ**

**مرتبہ: شعبہ اشاعت لجنہ اماءاللہ امریکہ**

**از سرپرستی: دیا بکر صاحبہ، صدر لجنہ اماءاللہ امریکہ**

**سیکریٹری اشاعت: شازیہ سہیل صاحبہ**

**انگریزی اڈیٹر: سیفرہ خان سہیل**

**اردو اڈیٹر: امتہ القیوم صدف**

**اردو ترجمہ: انیلہ کوثر، امتہ القیوم صدف**

LAJNA IMA'ILLAH · USA